www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ

ABC Certified

پاکستان بلیٹن

کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | ہفتہ 18 اپریل 2026ء بمطابق 29 شوال 1447ھ | شمارہ 263 | قیمت 10 روپے

شکریہ پاکستان، شکریہ وزیراعظم، شکریہ فیلڈ مارشل، ٹرمپ کا پیغام

اب جب آبنائے ہرمز کا معاملہ ختم ہو چکا ہے، نیٹو کی جانب سے کال موصول ہوئی، اب ہمیں کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہے

آج کا دن پوری دنیا کے لیے ایک شاندار دن ہے، امریکی صدر کا سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر سے بھی اظہار تشکر

آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلا ہوا ہے اور کاروبار کیلئے مکمل تیار ہے، معاہدے تک ایران کی بحری ناکہ بندی جاری رہے گی، ٹرمپ

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹروتھ سوشل پر اپنے پیغام میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ شکریہ پاکستان، شکریہ وزیراعظم، شکریہ فیلڈ مارشل، دونوں شاندار شخصیات ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے کہا کہ آج کا دن پوری دنیا کے لیے ایک شاندار دن ہے۔ امریکی صدر نے مدد کے لئے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور قطر سے بھی اظہار تشکر کیا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران نے امریکا کی مدد سے تمام سمندری بارودی سرنگیں ہٹا دی ہیں یا ہٹا رہا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ اب جب آبنائے ہرمز کا معاملہ ختم ہو چکا ہے، نیٹو کی جانب سے کال موصول ہوئی، اب ہمیں کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ میں نے نیٹو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

ایران کا آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے کا اعلان

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں بڑی کمی

آبنائے ہرمز کو تمام کمرشل جہازوں کے لیے کھول دیا گیا ہے اور جنگ بندی کی باقی مدت کے دوران یہ راستہ مکمل طور پر فعال رہے گا، ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا جاری بیان

عالمی مارکیٹ میں ڈبلیوٹی آئی خام تیل کی قیمت 11.17 فیصد کی کمی کے بعد 83.52 ڈالر فی بیرل ہوگئی، برینٹ خام تیل کی قیمت 11.32 فیصد کی کمی کے بعد 88.07 ڈالر فی بیرل ہوگئی

تہران (ویب ڈیسک) ایران نے لبنان میں جنگ بندی کے تناظر میں آبنائے ہرمز کو تجارتی جہازوں کے لیے کھولنے کا اعلان کر دیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر جاری بیان میں کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو تمام کمرشل جہازوں کے لیے کھول دیا گیا ہے اور جنگ بندی کی باقی مدت کے دوران یہ راستہ مکمل طور پر فعال رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران تجارتی جہازوں کی آمد و رفت جاری رہے گی، تاہم جہازوں کو ایران کی بندرگاہوں اور بحری امور کی تنظیم کی جانب سے پہلے سے مقرر کردہ مربوط راستوں پر سفر کرنا ہوگا۔ ایرانی وزیر خارجہ کے مطابق یہ اقدام خطے میں کشیدگی میں کمی اور عالمی تجارتی سرگرمیوں کی بحالی کے لیے کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ آبنائے ہرمز عالمی سطح پر تیل کی ترسیل کے لیے نہایت اہم گزرگاہ ہے، اور اس کی بندش یا بحالی کے عالمی معیشت پر براہ راست اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جبکہ ایرانی وزیر خارجہ کی جانب سے جنگ بندی کی بقیہ مدت کے لیے آبنائے ہرمز تمام بحری جہازوں کے لیے کھلنے کی خبر پر عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں بڑی کمی دیکھی گئی۔ عالمی مارکیٹ میں ڈبلیوٹی آئی خام تیل کی قیمت 11.17 فیصد کی کمی کے بعد 83.52 ڈالر فی بیرل ہوگئی، برینٹ خام تیل کی قیمت 11.32 فیصد کی کمی کے بعد 88.07 ڈالر فی بیرل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

ٹرمپ کے مشیر برائے عرب وافریقی امور کی شہباز شریف سے ملاقات

وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

ملاقات میں دونوں رہنماں کے درمیان خطے کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

انطالیہ (ویب ڈیسک) امریکہ کے صدر کے مشیر برائے عرب اور افریقی امور مسعد بولوس کی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات ہوئی۔ ملاقات ترکیہ کے شہر انطالیہ میں منعقدہ پانچویں انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر ہوئی، وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

LOMACY
RUM
2026
MACY

امریکی ٹرمپ کے مشیر برائے عرب وافریقی امور وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

وکلاء ساتھ دیں تو دیکھتے ہیں انصاف کیسے نہیں ملتا

سہیل آفریدی

بشری بی بی غیر سیاسی خاتون ہیں، ان کی طبیعت ناساز ہونے کے باوجود رعایت نہیں دی جا رہی، وکلا جرگہ سے خطاب

اپنے قائد عمران خان سے ملنے نہیں دیا گیا، اڈیالہ جیل سپرنٹنڈنٹ عدلیہ کے حکم کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتا ہے

عدلیہ کے احکامات پر عمل کروانا خود عدلیہ کی ذمہ داری ہے، عمران خان کے کیسز سماعت کیلئے نہیں لگائے جا رہے

میں بندوق یا ڈنڈا نہیں اٹھا سکتا صرف آئین و ریاست کے دکھائے راستے پر چلوں گا، وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی

پشاور (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اڈیالہ جیل میں قید سابق وزیر اعظم عمران خان سے ملاقات کی اجازت نہ ملنے پر اپنے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ آل پاکستان وکلا جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ تین مرتبہ عدلیہ کا آرڈر لے کر گیا لیکن اپنے قائد عمران خان سے ملنے نہیں دیا گیا، اڈیالہ جیل سپرنٹنڈنٹ عدلیہ کے حکم کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیتا ہے، میں بندوق یا ڈنڈا نہیں اٹھا سکتا صرف آئین و ریاست کے دکھائے راستے پر چلوں گا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ عدلیہ کے احکامات پر عمل کروانا خود عدلیہ کی ذمہ داری ہے، عمران خان کے کیسز سماعت کیلئے نہیں لگائے جا رہے، عدلیہ میں کچھ لوگ آواز اٹھانا چاہتے ہیں لیکن ان کا ساتھ نہیں دیا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اور ایک سیاسی جماعت کے ساتھ مسلسل ظلم ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

وزیراعظم نے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے کمی کی منظوری دیدی

منظوری کے بعد ڈیزل کی قیمت 385.54 روپے سے کم ہو کر 353.43 روپے ہوگئی

تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات کو جس قدر جلدی ممکن ہوا عوام تک پہنچائینگے، وزیراعظم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا فیصلہ کرلیا۔ وزیراعظم نے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے کی کمی کی منظوری دے دی۔ منظوری کے بعد ڈیزل کی قیمت 385.54 روپے سے کم ہو کر 353.43 روپے ہو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

ANTALYA
DIPLOMACY
FORUM
17-19APRIL2026 #MEET4DIPLOMACY

وزیراعظم شہباز شریف سے ترک صدر طیب اردوان ملاقات کر رہے ہیں

عالمی جسٹس سسٹم ناکام ہو چکا، بحران کا حل سفارت کاری میں ہے، ترک صدر

انطالیہ (ویب ڈیسک) ترک صدر طیب اردوان نے کہا ہے کہ عالمی جسٹس سسٹم ناکام ہو چکا، بحران کا حل سفارت کاری میں ہے۔ ترکیہ میں انطالیہ ڈپلومیسی فورم کیا افتتاحی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

ایم اے جناح روڈ پر ٹریفک کا افراتفری کراچی میں مسافروں کو پریشان کر رہی ہے



بجلی کی قیمتوں میں کمی اور لوڈشیڈنگ کا خاتمہ بھی کیا جائے، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا ہے ایران کے آبنائے ہرمز کھولنے کے اعلان کے بعد عالمی منڈی میں تیل کی قیمت تیزی سے گر رہی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

سعودی عرب نے 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹ رول اوور کر دیئے

معاہدے پر سعودی فنڈ کے چیف ایگزیکٹو جبکہ سٹیٹ بینک کی طرف سیگورز جمیل احمد نے دستخط کئے

واشنگٹن (ویب ڈیسک) سعودی عرب نے پاکستان میں رکھے گئے 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹ رول اوور کر دیے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان اور سعودی فنڈ برائے ترقی میں باقاعدہ معاہدہ طے پاگیا، سعودی عرب کی جانب سے معاہدے پر سعودی فنڈ کے چیف ایگزیکٹو جبکہ سٹیٹ بینک کی طرف سیگورز جمیل احمد نے دستخط کئے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب بھی معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شریک ہوئے، انہوں نے کہا کہ معاہدہ پاک سعودی عرب مضبوط اقتصادی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

پاور سیکٹر ملازمین کیلئے بجلی کے مفت یونٹس کی سہولت ختم

اللہ تعالی نے اس مطالبے کو پورا کرنے کا اعزاز انہیں عطا فرمایا ہے' ہر وہ اقدام ضرور کیا جائے گا جو ملک اور قوم کی اجتماعی بہتری کے لیے ہو

حکومت عوامی مفاد میں اصلاحات کے عمل کو جاری رکھے گی، عدالت نے پاور ڈویژن کی درخواست قبول کر لی، عوام کا پرانا مطالبہ پورا ہو گیا

ملکی تاریخ میں پہلی بار وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاور سیکٹر کے اہلکاروں کے فری یونٹس ختم کیے گئے ہیں، وفاقی وزیر اویس لغاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے پاور سیکٹر کے ملازمین کے لیے بجلی کے مفت یونٹس کی سہولت ختم کر دی۔ وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن اویس لغاری نے پاور سیکٹر کے ملازمین کے لیے فری یونٹس کی سہولت کے خاتمے سے متعلق لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ وزیر توانائی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے پیغام میں کہا کہ ملکی تاریخ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کیلئے بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان

سی پی پی اے کی جانب سے قیمت میں اضافہ مارچ کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مانگا گیا ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) بجلی کی فی یونٹ قیمت میں اضافے کی درخواست سی پی پی اے کی جانب سے نیپرا میں جمع کرا دی گئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق بجلی کی قیمت میں 26 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان ہے۔ یہ اضافہ مارچ کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مانگا گیا ہے۔ اس حوالے سے سی پی پی اے کی جانب سے دائر درخواست پر نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا 28 (اپریل کو سماعت کرے گا، جس میں قیمتوں میں ممکنہ اضافے کی درخواست کا جائزہ لیا جائے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام چاہتا ہے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ کی ایرانی ہم منصب سے ملاقات، علاقائی صورتحال پر گفتگو

تہران (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایرانی ہم منصب سکندر مومنی سے ملاقات کی جس میں خطے کی تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی نے جنگ بندی اور مصالحتی کردار پر پاکستان کی تاریخ ساز کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر ایرانی وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ جنگ بندی برادر ملک پاکستان کی ثالثی میں قائم ہوئی، ایران پاکستان کا مخلصانہ اور مثبت کردار ہمیشہ یاد رکھے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

وزیراعظم شہباز شریف کی ترک صدر طیب اردوان سے ملاقات

ملاقات میں دوطرفہ تعلقات اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

وزیراعظم نے پرتپاک استقبال اور روایتی ترک مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا

انطالیہ (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر ترکیہ کے صدر طیب اردوان سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات عطاء ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

چیف منسٹر پنجاب، مریم نواز شریف نے لاہور میں اسکول اور اعلی تعلیم کے محکمے پر اجلاس کی صدارت کی

ایرانی صدر سے فیلڈ مارشل کی ملاقات، جنگ روکنے میں پاکستان کے کردار کی تعریف

جنگ روکنے میں پاکستان کا مؤثر اور ذمہ دارانہ کردار قابل تحسین ہے، جنگ بندی میں سہولت کاری پر ریاست پاکستان کا شکریہ ادا کرتا ہوں

خطے کے ممالک کو علاقائی سلامتی کو یقینی بنانا ہوگا، ہم عالمی قانون کے دائرے میں ایرانی عوام کے حقوق کے حصول پر زور دیتے ہیں، ایرانی صدر

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کے درمیان ایران کے دارالخلافہ تہران میں اہم ملاقات ہوئی ہے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات کے دوران وزیر داخلہ محسن نقوی اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی بھی موجود تھے، دوران گفتگو ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے پاکستان کے مؤثر اور ذمہ دارانہ کردار پر خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جنگ روکنے میں پاکستان کا مؤثر اور ذمہ دارانہ کردار قابل تحسین ہے، جنگ بندی میں سہولت کاری پر ریاست پاکستان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، اسلام آباد مذاکرات کے دوران ایرانی وفد کی میزبانی پر بھی پاکستان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ایران خطے میں امن، استحکام اور برادرانہ تعلقات کا خواہاں ہے، امت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

صدر مملکت اور وزیراعظم کا لبنان میں جنگ بندی کا خیر مقدم

مغربی ایشیا میں دیرپا امن کا انحصار تنازعات کی بنیادی وجوہات کے حل پر ہے، جنگ بندی دیرپا امن کی جانب پیش رفت کا ایک موقع ہے، صدر مملکت

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت میں دانشمندانہ سفارتی کوششوں کے ذریعے لبنان میں جنگ بندی ممکن ہوئی، وزیراعظم شہباز شریف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے لبنان میں جنگ بندی کا خیر مقدم کیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق صدر آصف زرداری نے لبنان میں جنگ بندی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں کشیدگی کم کرنے اور امن و سکون کی بحالی کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان خطے کے استحکام کو بہت اہمیت دیتا ہے اور اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ پائیدار امن صرف مذاکرات، خودمختاری کے باہمی احترام اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ بندی دیرپا امن کی جانب پیش رفت کا ایک موقع ہے۔ لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مسلسل ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

اسحاق ڈار کی بوسنیا و ہرزیگووینا کے وزیر خارجہ سے ملاقات

انطالیہ (ویب ڈیسک) وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بوسنیا و ہرزیگووینا کے وزیر خارجہ سے ملاقات ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات انطالیہ ڈپلومیسی فورم کی سائیڈ لائنز پر ہوئی۔ اس موقع پر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

کراچی میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، شہری بلبلا اٹھے

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا دورانیہ دس گھنٹے سے زیادہ بڑھ گیا، گرمی میں لوڈشیڈنگ کے باعث شہریوں کی پریشانی میں مزید اضافہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

GO
K-Electric
GO

کھجور بازار کندن اسٹریٹ ایسوسی ایشن نے کراچی کے لی مارکیٹ میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج کی

Daily Pakistan Bulletin Karachi
ABC Certified
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشف مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
Fax 021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

افغان طالبان کی پھر گولہ باری 2 بچوں سمیت 3 شہید

بھارتی حمایت یافتہ افغان طالبان نے پاک افغان سرحد پر باجوڑ کے مقام پر پاکستانی سول آبادی پر گولہ باری کی جس کے نتیجے میں 2 بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 3 افراد شہید ہو گئے۔ یہ بلااشتعال جارحیت باجوڑ کے سرحدی علاقے کٹ کوٹ کے گاوں ملک شاہین میں کی گئی۔ پاک فوج نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے افغانستان سے فائر کرنے والی گن پوزیشن کو مکمل طور پر تباہ کر دیا۔ پاک فوج کی کارروائی میں باجوڑ سے ملحقہ تمام افغان طالبان پوسٹوں کو نشانہ بنایا گیا، جس سے افغان طالبان کو بھاری جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ بھارت کے ایما پر افغان طالبان رجیم پاکستان پر حملے کرتی رہی ہے۔ پاکستان نے ہر بار بھرپور جواب دے کر انہیں ناکوں چنے چبوا دیے۔ رمضان کے دوران دونوں ممالک کے مابین جنگی صورتحال رہی، تاہم عید کے موقع پر پاکستان نے سیز فائر کا اعلان کیا۔ چین کی جانب سے کوشش کی گئی کہ اس سیز فائر کو مستقل شکل دی جائے۔ اس حوالے سے چین میں ڈپٹی سیکرٹری سطح کے مذاکرات ہوئے، جن میں افغان حکومت کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہونے دی جائے گی، لیکن اس پر عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ اب ایک مرتبہ پھر گولہ باری کر کے دو بچوں سمیت تین افراد کو شہید کیا گیا ہے۔ طالبان رجیم پاکستان کی سلامتی کو کمزور کرنے کے بھارتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ اس کے ساتھ کسی نرمی کی اب کوئی گنجائش نہیں رہی۔ اگرچہ پاکستان نے خیر سگالی کے طور پر سیز فائر کیا تھا، جو کہ پانچ دن کے لیے تھا، مگر اس کے بعد بھی پاکستان نے تحمل کا مظاہرہ کیا۔ اب بھارت کی پراکسی کے طور پر کام کرنے والی اس احسان فراموش طالبان رجیم نے خود ہی جواز پیدا کر دیا ہے کہ سیز فائر کا خاتمہ کر کے افغانستان میں موجود دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا جائے۔

امریکہ ایران مذاکرات کا دوسرا دور، عالمی پیش رفت، امکانات اور پاکستان کا کردار

سردار عبدالخالق وصی

عالمی سیاست ایک بار پھر ایک ایسے نازک موڑ پر کھڑی ہے جہاں کشیدگی اور مفاہمت کے درمیان لکیر نہایت باریک ہو چکی ہے۔ ایسے میں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور اس امر کی واضح علامت ہے کہ دنیا بتدریج تصادم سے مکالمے کی طرف بڑھ رہی ہے۔ یہ پیش رفت محض دو ممالک کے درمیان تعلقات کی بہتری تک محدود نہیں بلکہ اس کے اثرات عالمی سیاست، معیشت اور علاقائی استحکام پر بھی مرتب ہوں گے۔

پہلے دور کے مذاکرات نے اگرچہ اعتماد سازی کی ایک ابتدائی فضا قائم کی، تاہم اصل آزمائش دوسرے دور میں ہی شروع ہوتی ہے جہاں بیانات کی جگہ عملی اقدامات اور مفاہمت کے امکانات کا حقیقی امتحان ہوتا ہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں عالمی برادری کی نظریں مرکوز ہوتی ہیں اور جہاں ہر قدم نہ صرف دو ممالک بلکہ پورے خطے کے مستقبل پر اثر انداز ہوتا ہے۔

یہ حقیقت بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ امریکہ اور ایران کے تعلقات محض سفارتی نوعیت کے نہیں بلکہ ان میں تاریخی کشیدگی، نظریاتی اختلافات اور اسٹریٹجک مفادات کی پیچیدگیاں شامل ہیں۔ ایسے میں مذاکرات کا تسلسل خود ایک بڑی پیش رفت ہے، جبکہ دوسرا دور اور اس تسلسل کو پائیداری دینے کی کوشش کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ اگر یہ مذاکرات کامیابی کی جانب بڑھتے ہیں تو مشرق وسطیٰ میں استحکام کی ایک نئی امید پیدا ہو سکتی ہے، جس کے اثرات توانائی کی عالمی منڈیوں، تیل کی قیمتوں اور بین الاقوامی تجارت پر بھی مرتب ہوں گے۔

اسی تناظر میں عالمی مسائل کا دائرہ بھی اس عمل سے جڑا ہوا ہے۔ یوکرین تنازع، عالمی اقتصادی دباؤ، توانائی بحران اور خطے میں بڑھتی ہوئی غیر یقینی صورتحال نے بڑی طاقتوں کو اس بات پر مجبور کیا ہے کہ وہ تصادم کے بجائے مکالمے کا راستہ اختیار کریں۔ امریکہ کے لیے بھی یہ ایک اسٹریٹجک ضرورت بن چکی ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی کو کم کرے، جبکہ ایران کے لیے معاشی پابندیوں سے نجات اور عالمی سطح پر دوبارہ شمولیت ایک اہم ہدف ہے۔

ایسے پیچیدہ اور حساس ماحول میں پاکستان کا کردار غیر معمولی اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ پاکستان نہ صرف جغرافیائی لحاظ سے ایک اہم مقام رکھتا ہے بلکہ اس کی خارجہ پالیسی میں توازن، تدبر اور سنجیدگی کے عناصر بھی نمایاں ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ حکومت نے عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے ہیں، جبکہ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے سفارتی محاذ پر ایک متحرک اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے پاکستان کے عالمی روابط کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

اسی طرح فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کی عسکری استحکام نے ملک کو ایک محفوظ اور قابل اعتماد ریاست کے طور پر پیش کیا ہے۔ داخلی استحکام کسی بھی مضبوط خارجہ پالیسی کی بنیاد ہوتا ہے اور پاکستان نے اس پہلو پر خاص توجہ دی ہے۔

اس سارے سفارتی عمل کے دوران ایک اہم پہلو یہ بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ ہر عالمی مفاہمت کے ساتھ کچھ ایسی قوتیں بھی متحرک ہو جاتی ہیں جو امن کے بجائے کشیدگی کو ہوا دینے میں اپنا مفاد دیکھتی ہیں۔ امریکہ ایران مذاکرات کے دوسرے دور کے تناظر میں بھی یہ تاثر تقویت پکڑ رہا ہے کہ اسرائیل اور بھارت جیسے ممالک ان کوششوں کو سبوتاژ کرنے کے لیے مختلف سفارتی و اسٹریٹجک حربے استعمال کر سکتے ہیں۔ ان دونوں ریاستوں کی پالیسیوں میں توسیع پسندانہ رجحانات اور علاقائی بالادستی کی خواہش ایک واضح عنصر کے طور پر دیکھی جاتی رہی ہے، جو اکثر خطے میں کشیدگی کو بڑھانے کا باعث بنتی ہے۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ایک مستحکم مشرق وسطیٰ اور ایک ابھرتا ہوا پاکستان ان قوتوں کے مفادات سے ہم آہنگ نہیں۔ خطے میں امن، اقتصادی تعاون اور سفارتی توازن کا قیام دراصل ان کے اس بیانیے کو کمزور کرتا ہے جو کشیدگی، تصادم اور عدم استحکام پر قائم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے حساس مواقع پر غلط فہمیوں کو ہوا دینا، سفارتی دباؤ بڑھانا یا پراکسی تنازعات کو جنم دینا ان کے ممکنہ حربوں میں شامل ہو سکتا ہے۔

تاہم اس تناظر میں یہ امر نہایت اطمینان بخش ہے کہ پاکستان کی سیاسی، سفارتی اور عسکری قیادت ان تمام ممکنہ چیلنجز اور سازشوں سے بخوبی آگاہ ہے۔ شہباز شریف کی قیادت میں حکومتی بصیرت، اسحاق ڈار کی سفارتی مہارت اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی زیر قیادت عسکری تیاری اس بات کی عکاس ہے کہ پاکستان نہ صرف ان چیلنجز کا ادراک رکھتا ہے بلکہ ان کا مقابلہ کرنے کے لیے فکری، نظری اور اسٹریٹجک صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ یہی ہمہ جہت تیاری پاکستان کو ایک مضبوط، باخبر اور پرعزم ریاست کے طور پر پیش کرتی ہے۔

یہ کہنا بھی بجا ہوگا کہ امریکہ ایران مذاکرات کے دوسرے دور میں پاکستان کو جو عزت و تکریم حاصل ہوئی ہے، وہ محض وقتی سفارتی سرگرمیوں کا نتیجہ نہیں بلکہ ایک تسلسل کا مظہر ہے۔ اس تسلسل کی بنیاد نواز شریف کی وہ فکری اور عملی پالیسی ہے جس میں پاکستان کو ایک متوازن، خودمختار اور باوقار ریاست کے طور پر عالمی سطح پر پیش کرنے کی کوشش کی گئی۔

نواز شریف کا وژن ہمیشہ یہ رہا ہے کہ پاکستان کو عالمی تنازعات میں ایک ذمہ دار اور معتدل کردار ادا کرنا چاہیے۔ ان کے ادوار میں خارجہ پالیسی کو محض سیاسی ضرورت کے بجائے ایک اسٹریٹجک اور معاشی ضرورت کے طور پر دیکھا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ آج جب عالمی طاقتیں دوبارہ مکالمے کی طرف آ رہی ہیں تو پاکستان کا کردار ایک قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر سامنے آ رہا ہے۔

امریکہ ایران مذاکرات کے دوسرے دور کی کامیابی کے امکانات نہ صرف موجود ہیں، بلکہ چیلنجز بھی کم نہیں۔ باہمی عدم اعتماد، علاقائی اتحادیوں کے مفادات اور عالمی طاقتوں کی ترجیحات اس عمل کو پیچیدہ بنا سکتی ہیں۔ تاہم اس کے باوجود یہ حقیقت اپنی جگہ قائم ہے کہ مکالمہ ہی مسائل کا واحد پائیدار حل ہے، اور یہی راستہ عالمی استحکام کی طرف لے جا سکتا ہے۔

پاکستان نے اس سمت جو سیاسی و سفارتی کامیابی حاصل کی ہے اس پر پاکستان عالمی تحسین و تحریک کا مظہر بن کر ابھرا ہے پاکستان کے لیے یہ ایک سنہری موقع ہے کہ وہ اس بدلتی ہوئی صورتحال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نہ صرف اپنے سفارتی کردار کو مضبوط کرے بلکہ معاشی مواقع کو بھی بروئے کار لائے۔ توانائی کے شعبے میں تعاون، علاقائی تجارت کا فروغ اور بین الاقوامی سرمایہ کاری کے امکانات اس عمل کے مثبت پہلو ہو سکتے ہیں۔

اختتامیہ کے طور پر یہ کہنا بجا ہوگا کہ امریکہ ایران مذاکرات کا دوسرا دور ایک نئی عالمی ترتیب کی بنیاد رکھ رہا ہے، اور اس نازک مرحلے پر پاکستان کی موجودہ سیاسی، سفارتی اور عسکری قیادت نے جس بصیرت، ہم آہنگی اور قومی مفاد کے ساتھ فیصلے کیے ہیں، وہ قابل تحسین ہی نہیں بلکہ قابل تقلید بھی ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی متحرک قیادت، اسحاق ڈار کی مؤثر سفارت کاری اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی مدبرانہ عسکری حکمت عملی نے پاکستان کو عالمی سطح پر ایک باوقار اور قابل اعتماد ریاست کے طور پر منوایا ہے، جبکہ اس پورے تسلسل کے پس منظر میں نواز شریف کا فکری وژن ایک مضبوط بنیاد کے طور پر نمایاں ہے۔ یہی ہم آہنگی، یہی عزم اور یہی قیادت پاکستان کے روشن، مستحکم اور باوقار مستقبل کی ضمانت ہے۔

پاکستان کی سفارت کاری۔ خاموش مگر موثر

اصغر علی شاد

سنجیدہ حلقوں کے مطابق حالیہ امریکی صدارتی بیانات نے پاکستان کے سفارتی کردار کو ایک نئے زاویے سے اجاگر کیا ہے، جہاں ایک طرف پاکستان کے محتاط طرز عمل کو سراہا گیا، وہیں دوسری جانب امریکہ اور ایران کے درمیان بنیادی اختلافات کو بھی واضح طور پر الگ کر دیا گیا۔ ایسے میں یہ پیش رفت پاکستان کے لیے ایک اہم سفارتی موقع بھی ہے اور ایک نازک توازن قائم رکھنے کا چیلنج بھی۔ یاد رہے کہ حالیہ بیانات میں پاکستان کو کسی بھی طور مذاکراتی عمل کی ناکامی کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا گیا، بلکہ اس کے برعکس پاکستان کی قیادت اور سفارتی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے اصل تعطل کو ایران کے جوہری پروگرام سے جوڑا گیا۔ جان کاروں کے مطابق یہ ایک اہم سفارتی کامیابی ہے کیونکہ اس سے پاکستان کے اس موقف کو تقویت ملتی ہے کہ اس نے صرف مذاکرات کے لیے پلیٹ فارم فراہم کیا، جبکہ اصل تنازعہ فریقین کے درمیان ہی موجود رہا۔ اسلام آباد میں ہونے والے یہ مذاکرات گزشتہ ایک دہائی سے زائد عرصے میں امریکہ اور ایران کے درمیان اعلیٰ سطحی براہ راست رابطے کا اہم ترین موقع تھے، جو کئی گھنٹوں تک جاری رہے مگر کسی حتمی معاہدے پر منتج نہ ہو سکے۔ سفارتی ماہرین کے بقول پاکستان کا کردار یہاں "فیسلیٹیٹر" کا تھا، نہ کہ فیصلہ کن فریق کا۔ اس نے نہ صرف دونوں ممالک کو ایک میز پر لانے میں کامیابی حاصل کی بلکہ ایک نازک جنگ بندی کو برقرار رکھنے میں بھی مدد دی۔ کیوں کہ یہ کسی بھی ثالثی عمل کا بنیادی مقصد ہوتا ہے کہ وہ بات چیت کے دروازے کھلے رکھے اور فوری تصادم کے خطرات کو کم کرے، اور اس تناظر میں پاکستان کی کوششوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تاہم یہ امر بھی خصوصی توجہ کا حامل ہے کہ امریکی بیانات ایک ایسے مرحلے پر سامنے آئے ہیں جب واشنگٹن خطے میں مزید سخت اقدامات کی جانب بڑھتا دکھائی دے رہا ہے۔ مبصرین کے مطابق یہ تاثر بھی پیدا کیا جا سکتا ہے کہ امریکہ نے پہلے سفارت کاری کا راستہ اختیار کیا اور اس کے بعد سخت موقف اپنایا، جس سے یہ خدشہ جنم لیتا ہے کہ پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے مذاکرات کو ایک یکطرفہ موقف کے طور پر پیش کیا جائے۔ یہی وہ نکتہ ہے جہاں پاکستان بجا طور پر اپنے بیانیے کو واضح اور مؤثر انداز میں پیش کر رہا ہے تاکہ اسے کسی بھی ممکنہ عسکری یا دباؤ کی حکمت عملی سے منسلک نہ کیا جا سکے۔ ماہرین کے بقول اسی تناظر میں پاکستان نے اب تک نہایت محتاط اور متوازن پالیسی اختیار کی ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ہرمز سے متعلق قرارداد پر غیر جانبداری اور عوامی سطح پر جنگ بندی اور مذاکرات پر زور دینا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ پاکستان کسی بھی ممکنہ عسکری اتحاد یا دباؤ کی حکمت عملی کا حصہ بننے سے گریز کر رہا ہے۔ جان کاروں کے مطابق یہی رویہ پاکستان کو ایک ذمہ دار اور قابل اعتماد ثالث کے طور پر پیش کرتا ہے۔ ایسے میں غالباً میڈیا کے لیے بھی یہ ایک اہم لمحہ ہے کہ وہ اس صورتحال کو کس زاویے سے پیش کرتا ہے۔ مبصرین کے مطابق پاکستان کو اس پورے عمل میں ایک مثبت کردار کے طور پر اجاگر کیا جانا چاہیئے ایسا کردار جس نے نہ صرف براہ راست رابطے کو ممکن بنایا بلکہ ایک خطرناک ترین تصادم کو وقتی طور پر ٹالنے میں بھی مدد دی۔ لہٰذا اس تناظر میں یہ تاثر دینا کہ پاکستان کسی ناکامی یا بعد ازاں ہونے والی کشیدگی کا ذمہ دار ہے، نہ صرف حقیقت کے منافی ہوگا بلکہ اس کی سفارتی ساکھ کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔ کیوں کہ یہ بات بھی قابل غور ہے کہ کسی بھی پیچیدہ تنازعے میں ثالثی کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ وہ تمام مسائل کو فوری طور پر حل کر دے۔ کسے علم نہیں کہ امریکہ اور ایران کے درمیان اختلافات کئی دہائیوں پر محیط ہیں، جنہیں ایک یا دو نشستوں میں ختم کرنا ممکن نہیں۔ اس لیے اس عمل کو ناکامی کے بجائے ایک ایسے مرحلے کے طور پر دیکھا جانا چاہیے جس نے اصل مسائل کو اجاگر کیا اور آئندہ مذاکرات کے لیے ٹھوس بنیاد فراہم کی۔ آخر میں مبصرین اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ پاکستان کو اپنی سفارتی کامیابی کو مؤثر انداز میں اجاگر کرتے ہوئے ایک متوازن بیانیہ قائم رکھنا ہوگا اور یہ بیانیہ اس بات پر مبنی ہونا چاہیے کہ پاکستان نے نہ صرف ایک اہم سفارتی خلا کو پر کیا بلکہ خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے ایک عملی کردار ادا کیا۔ اس تمام پس منظر میں آئندہ مرحلے میں خاموش سفارت کاری، جنگ بندی کا تسلسل اور محدود دائرے میں نئے مذاکراتی ادوار ہی وہ راستہ ہیں جو خطے کو مزید عدم استحکام سے بچا سکتے ہیں۔ ایسے میں یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان خود کو اس تمام تنازعے سے الگ رکھتے ہوئے صرف امن اور استحکام کے لیے اقدامات کر رہا ہے اور اس اپنا کوئی ایجنڈا نہیں۔ ایسے میں توقع کی جانی چاہیے کہ تمام موثر حلقے اس ضمن میں اپنی قومی اور اخلاقی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھاتے رہیں گے۔

ایران کی جنگ، اسرائیل کا منجن، خریدار امریکہ، نقصان کا سامنا

امیر خان

2026 پاکستان کا امن مشن ایک طرف دنیا میں سراہا جارہا ہے جس نے پاکستان کو دنیا میں ایک امن کا پیامبر کہا جارہا ہے دوسری طرف سمندر پار پاکستانی بھی اپنے ملک کی اقتصادی صورتحال کیلئے زرمبادلہ بھی بڑی تعداد میں بھیج رہے ہیں جسکی مقدار میں ہر ماہ اضافہ ہورہا ہے اور دوست اور قدم پر پاکستان کے ساتھ کھڑے سعودی عرب سے تارکین وطن کثیر زرمبادلہ پاکستان بھیج رہے ہیں جمعہ کو جاری ہونے والے مرکزی بینک کے اعداد و شمار کے مطابق، اکتوبر 2025 میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی طرف سے ترسیلات زر 11.9 فیصد ماہانہ اضافے کے ساتھ 3.42 بلین ڈالر تک پہنچ گئیں، جس کی قیادت سعودی عرب سے ہوئی، جسے کو جاری کردہ مرکزی بینک کے اعداد و شمار کے مطابق، وزیر اعظم شہباز شریف نے ملک کی معیشت میں ان کے تعاون پر تارکین وطن کا شکریہ ادا کیا۔ ترسیلات زر پاکستان کے بیرونی مالیات کا ایک اہم ستون ہیں، جو سخت کرنسی فراہم کرتی ہے جو گھریلو استعمال کو سہارا دیتی ہے، کرنٹ اکاؤنٹ کے فرق کو کم کرنے میں مدد کرتی ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر کو تقویت دیتی ہے۔ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کی قیادت میں خلیجی معیشتوں سے مستحکم پائپ لائن پاکستان کی ادائیگیوں کے توازن کے لیے اہم رہی ہے۔ ترسیلات زر میں مسلسل اضافہ حکومت کی پالیسیوں پر سمندر پار پاکستانیوں کے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیر اعظم ہاس نے کہا ہے کہ "بیرون ملک ہمارے ہم وطن اپنی محنت کی کمائی سے قوم کی خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں،" "انہوں نے انہیں ملک کا "سب سے قیمتی اثاثہ" قرار دیتے ہوئے مزید کہا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق سعودی عرب سے 820.9 ملین ڈالر کی آمد ہوئی، اس کے بعد متحدہ عرب امارات سے 697.7 ملین ڈالر، برطانیہ سے 487.7 ملین ڈالر اور امریکہ سے 290.0 ملین ڈالر کی آمد ہوئی۔ اب بات کرتے ہیں پاکستان کے عظیم اقدام کی جو اسلام آباد میں امن مذاکرات کے حوالے سے ہے، 47 سالوں کی شکایات 21 گھنٹے کی بات چیت و مذاکرات اتنے پرانے اختلاف کو اپنے انجام تک نہیں پہنچا سکتے، ایک تاثر ملا کہ اسلام آباد کے مذاکرات ناکام ہوگئے یہ واویلا نہ صرف پاکستانی کی کامیاب خارجہ پالیسی سے خوفزدہ پڑوس ملک کو مسئلہ بنا ہوا ہے اندرونی طور پر انکے عوام اپنی قیادت کو لعنت ملامت کررہے ہیں ہمارے نام نہاد اپنے بھی جنگی سیاست وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی دن رات امن مذاکرات کیلئے کوشاں رہے اور مذاکرات کی میز پر متحارب رہنما ں کو ایک میز پر لے آئے وہ زہر افشانی کررہے ہیں ہمشیرہ فرماتی ہیں کہ پاکستان کی کون سنتا ہے؟؟ بظاہر اسلام آباد (Islamabad) میں ہونے والی امن مذاکرات کامیاب نہیں ہو پاتے تو اس کے بعد امن کا مستقبل مکمل طور پر ختم نہیں ہوتا، بلکہ عموماً یہ عمل مختلف مراحل میں آگے بڑھتا ہے۔ بین الاقوامی امور اور سفارتی معاملات سے واقفیت رکھنے والے بخوبی جانتے ہیں کہ امریکا اور ایران کا جنگ روک کر مذاکرات کے لیے ایک دوسرے کے ساتھ میز پر بیٹھنا کوئی عام بات نہیں ہے۔ یہ اکیلا واقعہ پاکستان کی اتنی بڑی سفارتی کامیابی ہے کہ موجودہ دنیا کی تاریخ میں اسے ایک اہم ترین واقعے کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ امریکا اور ایران دونوں کی طرف سے پاکستان کے مثبت کردار کی بہت تعریف کی گئی ہے اور اسلام آباد مذاکرات کو نہایت اہم پیشرفت قرار دیا گیا ہے۔ فریقین کے علاوہ دنیا کے دیگر ممالک اور عالمی و بین الاقوامی ادارے بھی اسلام آباد مذاکرات کو بہت زیادہ اہمیت کا حامل قرار دے رہے ہیں۔ ان مذاکرات کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ جس دن ان مذاکرات کے انعقاد کا اعلان ہوا تب سے لیکر آج تک ہمارے پڑوسی ملک بھارت سے مسلسل چیخ و پکار سنائی دے رہی ہے انکے چولہے بجھے ہوئے ہیں۔ بھارتی میڈیا اور قیادت بھی ذہنی طور پر اپنا توازن کھو چکی ہے بات چیت ناکام ہونے کا تاثر ہے مگر اسوقت دنیا کے سامنے ماسوائے امن کے کوئی دوسرا راستہ نہیں یہ بات بھی جسکا میں اپنے کالموں میں لکھا چکا ہوں کی اسوقت دنیا کی معیشت اہم ہے، جنگوں میں اگر سینکڑوں لوگ مر بھی جائیں، بموں سے تمام شہر اجڑ بھی جائیں مگر کامیابی کا محور معاشی حوالوں سے ہی کچھ نہ کچھ ہوتا ہے وہ چاہے تجارت ہو اسوقت جنگ میں ایران کا پلڑا اسلئے بھاری ہے کہ آبنائے ہرمز ترپ کا وہ پتہ ہے، جسکے پیچھے تمام دنیا کی نظر ہے، یہ ہی جنگ ہے کہ اس پر قبضہ کیسے ہو اور کس کا ہو ؟؟ حالیہ جنگ میں دو مزاحیہ کردار نظر آئے ایک مودی اور اسکا گودی میڈیا دوسرے صدر ٹرمپ کے دھمکیوں پر مبنی بیانات عمران خان کی طرح صبح کچھ، دوپہر کچھ، شام کچھ، ایران نے تو پاکستان سے جاتے جاتے بھی پر امن ماحول کی امید ظاہر کی مگر امریکی صدر کی دھمکیاں پھر شروع اور خوانخواہ کے بیانات کہ مجھ سے ایران نے رابطہ کیا ہے وہ مذاکرات پھر شروع کرنا چاہتا ہے، قارئین کو یاد ہوگا کہ اسلام آباد مذاکرات میں ایران نے پاکستان کی پرزور کوششوں کے بعد شرکت کی تھی ورنہ انکے تلخ تجربات وخدشات مذاکرات کے حوالے سے موجود تھے جب گزشتہ مذاکرات کے دوران ہی اسرائیل نے ایران پر حملہ کردیا، دراصل نیتن یاہو نے صدر ٹرمپ کو منجن فروخت کیا ہے اور امریکہ نے اپنے عوام کو مہنگائی کے ایندھن میں دھکیل دیا ہے، صدر ٹرمپ کا ٹویٹ اکاؤنٹ بتارہا ہے کہ صدر ٹرمپ کا منتشر ہے اور انکا x اکاؤنٹ تمام رات خوانخواہ کے بیانات سے بھرا ہوتا ہے جو انکی ذہنی کیفیت بتاتا ہے، وہ کہتے ہیں میں جیت گیا ہوں، مگر یہ انکا دل جانتا ہے کہ ایسا نہیں ہے دنیا جانتی ہے اور خاص طور پر انکی اپنی عوام انکی باتوں کو سنجیدہ نہیں لے رہی عوام احتجاج کررہے ہیں امریکہ اور پوری دنیا کے عوام یہ بات سمجھنا چاہ رہے ہیں کہ یہ جنگ جو امریکہ کی نہیں پھر کیوں تمام دنیا کو تیل کے حوالے سے نقصان پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

شہر قائد

جوناگڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کابینہ کا اجلاس، سیکریٹری جنرل قاضی مصطفیٰ صدارت کر رہے ہیں

جماعت اسلامی ضلع غربی کا کھلے گٹر ڈھکنے کی مہم کا اعلان

ایک ہزار ڈھکن تقسیم ہوں گے امیر کراچی منعم ظفر کل سکیم کا آغاز کریں گے، امیر ضلع غربی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی ضلع غربی کا ضلع بھر میں کھلے گٹر سے شہریوں کو بچانے کے لیے ڈھکن فراہمی کا اعلان ضلع غربی میں ایک ہزار ڈھکن فراہم کیے جائیں گے۔ امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان 19 اپریل کو صبح ساڑھے دس بجے امیر ضلع غربی مدثر انصاری کے ہمراہ مہم کا آغاز کریں گے۔ کھلے گٹروں پر ڈھکن نہیں رکھے جاتے، جس کی وجہ سے رات کے اندھیرے میں یہ مقامات موت کا پیغام بن جاتے ہیں زیڈ ایم سی اورنگی ٹاؤن کے سامنے کیمپ کا انعقاد صبح ساڑھے 10 تا ساڑھے 11 بجے کیا جائے گا۔ شہری اپنی یونین کونسل کے چیئرمین کی دستخط اور مہر شدہ درخواست کے ساتھ ڈھکن وصول کر سکیں گے، جبکہ شناختی کارڈ کی کاپی بھی ہمراہ لگانا ہوگی۔ اس حوالے سے امیر جماعت اسلامی ضلع غربی مدثر انصاری کا کہنا تھا کہ عروس البلاد کراچی میں کھلے گٹر اور نالے شہریوں کے لیے ''خونی جال'' بن چکے ہیں۔ جہاں ایک طرف صوبائی حکومت اور بلدیاتی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث شہر کی سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، وہیں کھلے مین ہولز معصوم جانوں کے ضیاع کا سبب بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2025 کے دوران شہر بھر میں گٹروں اور کھلے نالوں میں گر کر تقریباً 27 افراد اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے، جن میں سے اکثریت معصوم بچوں کی تھی۔ رواں سال 2026 کے آغاز میں بھی ایسے کئی واقعات رپورٹ ہوئے ہیں، جن میں گلشن اقبال اور کورنگی جیسے علاقوں میں بچوں کے گٹر میں گرنے کے دلخراش واقعات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور سندھ حکومت کی "ہیلپ لائنز" اور بلند بانگ دعوے صرف کاغذوں تک محدود ہیں۔ کئی کئی دن گزر جانے کے باوجود کھلے گٹروں پر ڈھکن نہیں رکھے جاتے، جس کی وجہ سے رات کے اندھیرے میں یہ مقامات موت کا پیغام بن جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی بے حسی کے جواب میں جماعت اسلامی ضلع غربی نے عوامی تحفظ کے لیے ایک بڑا قدم اٹھایا ہے۔ اورنگی ٹاؤن میں 19 اپریل بروز اتوار کو 1000 مین ہول کورز (گٹر کے ڈھکن) کی مفت تقسیم کی جائے گی۔

کراچی والوں سے مہنگی ترین بجلی کے نام پر ظلم بند کیا جائے، بلال سلیم قادری

محکمہ ایک بار پھر منظم انداز میں عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے

کراچی (پ۔ر) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی سیکرٹری جنرل بلال سلیم قادری نے بجلی کے بحران اور کے الیکٹرک کی مبینہ نااہلی و من مانیوں پر جاری بیان میں کہا کہ بجلی فراہم کرنے والا محکمہ ایک بار پھر منظم انداز میں عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، جسے ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کے الیکٹرک کی جانب سے اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے اور شدید گرمی میں عوام کو بنیادی سہولت سے محروم رکھنا کھلی زیادتی ہے۔ بلال سلیم قادری نے کہا کہ کراچی کے عوام اس وقت بدترین معاشی دباؤ کا شکار ہیں، مہنگائی، بیروزگاری اور بدترین شہری مسائل کے بعد اب بجلی کا بحران عوام کے لیے عذاب بن چکا ہے۔ یہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت امر ہے کہ ایک طرف 10 سے 12 گھنٹے کی طویل لوڈ شیڈنگ کی جا رہی ہے اور دوسری جانب بجلی کے بلوں میں ظالمانہ اضافہ کیا جا رہا ہے۔ یہ طرز عمل سراسر استحصالی اور عوام دشمن پالیسیوں کا عکاس ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی میں سب سے مہنگی بجلی پیدا کی جاتی ہے، اس کے باوجود یہاں کے شہریوں کو نہ صرف بدترین لوڈ شیڈنگ کا سامنا ہے بلکہ انہیں ملک بھر میں سب سے زیادہ بل بھی ادا کرنے پڑ رہے ہیں۔ یہ کھلا تضاد اور ناانصافی ہے جس پر متعلقہ اداروں اور حکمرانوں کی خاموشی سوالیہ نشان ہے۔ کیا کراچی کے عوام کو صرف بل ادا کرنے کے لیے چھوڑ دیا گیا ہے جبکہ سہولیات کے نام پر انہیں کچھ بھی فراہم نہیں کیا جا رہا ہے۔ مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک نے کہا کہ کے الیکٹرک کی کارکردگی مسلسل سوالات کی زد میں ہے مگر اس کے باوجود اس کے خلاف کوئی موثر کارروائی نظر نہیں آتی۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کی نااہلی اور ناقص منصوبہ بندی کا بوجھ براہ راست عوام پر ڈالا جا رہا ہے، جو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ حکومت کی جانب سے اس سنگین صورتحال پر خاموشی مجرمانہ غفلت کے مترادف ہے۔

کورنگی میں بدترین لوڈ شیڈنگ، تحریک اہلسنت کا پرامن احتجاج کا اعلان

لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ بڑھتا ہی جا رہا ہے، کے الیکٹرک کے خلاف شدید عوامی ردعمل کا امکان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ضلع کورنگی میں بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف شہریوں میں شدید غم و غصہ پایا جا رہا ہے، جبکہ تحریک اہلسنت پاکستان ضلع کورنگی کی جانب سے پرامن احتجاج کے اعلان کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق شدید گرمی کے باوجود طویل اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے روزمرہ زندگی کو مفلوج کر دیا ہے۔ تحریک اہلسنت پاکستان ضلع کورنگی کے صدر جمال الدین قادری کا کہنا ہے کہ K-Electric کی جانب سے بجلی کی بار بار بندش نے نہ صرف گھریلو نظام کو متاثر کیا ہے بلکہ چھوٹے کاروبار، دکانوں اور صنعتوں کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے۔ عوامی حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ بڑھتا جا رہا ہے جبکہ شکایات کے باوجود صورتحال میں کوئی بہتری نہیں آ رہی۔ پانی کی فراہمی بھی متاثر ہو رہی ہے، جس کے باعث شہری دوہری مشکلات کا شکار ہیں۔ ذرائع کے مطابق تحریک اہلسنت پاکستان ضلع کورنگی کے تحت جلد ہی اس صورتحال کے خلاف پرامن احتجاجی لائحہ عمل کا اعلان متوقع ہے، جس میں شہریوں کو درپیش مشکلات اور بجلی کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف آواز بلند کی جائے گی۔

حکومت کی پالیسیوں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، صوفی ارشد کاظمی

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر صوفی سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے حکومت کی معاشی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود ملک میں عوام کو اس کا فائدہ نہ دینا صرف غفلت نہیں بلکہ کھلی ناانصافی اور عوام دشمن طرز حکمرانی کی عکاسی کرتا

جوناگڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کا اجلاس

کراچی (پ ر) جوناگڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کی کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا۔ سیکریٹری جنرل قاضی مصطفیٰ نے صدارت کی تلاوت قرآن پاک کی سعادت حفیظ بلوچ نے حاصل کی ستار ترک، یوسف شیخ، فاروق شیخ، سعید کھوکھر، عامر عرب، حفیظ بلوچ، محمد وسیم، عمران مہر اور اعجاز زہری سمیت دیگر کابینہ اراکین نے شرکت کی۔



لیمارکیٹ چوک پر کچرے کا ڈھیر انتظامیہ کی کارکردگی کو منہ چڑا رہا ہے

سندھ بھر سے

رئیس غلام قادر مری کے انتقال پر سیاسی و سماجی حلقوں میں گہرے دکھ اور افسوس کی لہر دوڑ گئی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما رئیس غلام قادر مری کے انتقال پر سیاسی و سماجی حلقوں میں گہرے دکھ اور افسوس کی لہر دوڑ گئی ہے۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو جیالا فیڈریشن کے صوبائی جنرل سیکرٹری رئیس تاج محمد برگڑی دیگر رہنماں کے ہمراہ ٹنڈوالہ یار پہنچے، جہاں انہوں نے مرحوم کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ وفد نے اسماعیل مری اور دریا خان مری سے تعزیت کرتے ہوئے رئیس غلام قادر مری کی وفات پر دلی افسوس اور گہرے غم کا اظہار کیا۔

سول اسپتال میں ڈاکٹرز کی تاخیر، غریب مریض رل گئے، عوام کا شدید احتجاج

آنکھوں کے ڈاکٹر سمیت دیگر ڈاکٹرز کی مسلسل تاخیر نے غریب اور مستحق مریضوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر دیا

شہریوں کا کمشنر میرپورخاص، ڈی سی اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے سخت کارروائی کا مطالبہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص کے سول اسپتال میں آنکھوں کے ڈاکٹر سمیت دیگر ڈاکٹرز کی مسلسل تاخیر نے غریب اور مستحق مریضوں کو شدید اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ صبح سویرے دور دراز علاقوں سے آنے والے مریض گھنٹوں انتظار کرنے پر مجبور ہیں، جبکہ ڈاکٹرز وقت پر ڈیوٹی پر پہنچنے کے بجائے تاخیر سے آ کر عوامی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہے ہیں ذرائع کے مطابق سول اسپتال میں نہ صرف آنکھوں کے ڈاکٹر بلکہ دیگر شعبوں کے ڈاکٹرز بھی مقررہ وقت کی کھلی خلاف ورزی کر رہے ہیں، جس کے باعث اسپتال میں مریضوں کا رش بے قابو ہو چکا ہے۔ بزرگ، خواتین اور بچے شدید گرمی میں قطاروں میں کھڑے رہنے پر مجبور ہیں، مگر انہیں بروقت علاج کی سہولت میسر نہیں عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ یہی ڈاکٹر حضرات اپنے پرائیویٹ کلینکس میں وقت کی سختی سے پابندی کرتے ہیں، مگر سرکاری اسپتال جہاں غریب عوام کا سہارا ہوتا ہے، وہاں مکمل لاپرواہی اور بے حسی کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ شہریوں نے اس عمل کو کھلی ناانصافی اور غریب دشمن پالیسی قرار دیا ہے شہریوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ "اگر ڈاکٹرز نے یہی رویہ برقرار رکھا تو سول اسپتال عوام کے لیے عذاب بن جائے گا۔ ہمیں سمجھ نہیں آتی کہ سرکاری تنخواہیں لینے کے باوجود ڈاکٹرز اپنی ذمہ داریاں کیوں ادا نہیں کرتے ایک مریض کے لواحقین کا کہنا تھا کہ ہم صبح 7 بجے سے بیٹھے ہیں، مگر ڈاکٹر ابھی تک نہیں آئے، کیا غریب انسان کی کوئی قدر نہیں؟ شہریوں نے کمشنر میرپورخاص، ڈی سی اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لیا جائے اور غفلت برتنے والے ڈاکٹرز کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا واضح رہے کہ اگر فوری اصلاحی اقدامات نہ کیے گئے تو عوام کا اعتماد سرکاری اسپتالوں سے مکمل طور پر اٹھ جائے گا، جو کہ صحت کے نظام کے لیے ایک بڑا المیہ ثابت ہوگا۔

گھوٹکی: اینٹی کرپشن پولیس کا محکمہ خوراک کے دفتر پر چھاپہ، ریکارڈ تحویل میں لیا جا رہا ہے

بی آئی ایس پی فنڈز میں اربوں روپے کی کرپشن بے نقاب، بڑا کریک ڈاؤن

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میں ریاستی اداروں نے ایک بڑے کریک ڈاؤن کے دوران بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) میں مبینہ طور پر اربوں روپے کی کرپشن کا انکشاف کیا ہے۔ کارروائی کے دوران متعدد افراد کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ مزید گرفتاریوں کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ تحقیقات کے مطابق مستحق خواتین، جن میں بیوائیں، یتیم اور نادار طبقے سے تعلق رکھنے والی افراد شامل ہیں، کو دی جانے والی امدادی رقوم میں منظم طریقے سے کٹوتیاں کی جا رہی تھیں۔ اس غیر قانونی عمل میں فرنچائز مالکان، ڈیوائس آپریٹرز اور مختلف اداروں کے بعض اہلکاروں کے ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایک فرنچائز مالک سہیل ملک کو گرفتار کیا، جس نے دوران تفتیش اہم انکشافات کیے۔ اس کے مطابق بی آئی ایس پی کا آپریشنل نظام ایک نجی کمپنی کے ذریعے چلایا جا رہا تھا، جس کا نمائندہ نوازش علی میمن مختلف فریقین کے درمیان رابطہ کار کا کردار ادا کرتا تھا۔ بتایا گیا کہ ہر مستحق خاتون سے 5 ہزار سے 8 ہزار روپے تک غیر قانونی کٹوتی کی جاتی تھی، جبکہ فی [illegible] 400 سے 500 روپے کمیشن بھی وصول کیا جاتا تھا۔ مزید انکشافات میں سامنے آیا کہ بعض سرکاری اہلکار بھی اس مبینہ نیٹ ورک کا حصہ تھے۔ تحقیقات کے مطابق بی آئی ایس پی کے ایک ڈپٹی ڈائریکٹر پر الزام ہے کہ وہ ڈیوائس ہولڈرز سے لاکھوں روپے وصول کرتے تھے، جبکہ دیگر اداروں کے بعض اہلکار بھی مبینہ طور پر فی ڈیوائس رقم لیتے رہے۔ رپورٹ کے مطابق مختلف علاقوں میں درجنوں ڈیوائسز پر مشتمل ایک منظم نیٹ ورک کام کر رہا تھا، جس کے ذریعے نہ صرف امدادی رقوم میں خرد برد کی جاتی تھی۔

یوسف آئل مل میں کرنٹ لگنے سے ایک مزدور جاں بحق

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) یوسف آئل مل میں کرنٹ لگنے سے ایک مزدور جاں بحق، دوسرا زخمی میرپورخاص کے علاقے پرانی میرپور کے قریب قائم یوسف آئل مل میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جہاں مبینہ طور پر کرنٹ لگنے سے دو مزدور نوجوان متاثر ہوئے ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے میں ایک مزدور نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا، جبکہ دوسرا شدید زخمی ہوگیا جسے فوری طور پر سول اسپتال میرپورخاص منتقل کیا گیا، جہاں وہ زیر علاج ہے واقعے کے حوالے سے تاحال متعلقہ پولیس لاعلم بتائی جاتی ہے، جبکہ جاں بحق ہونے والے نوجوان کی لاش مبینہ طور پر بغیر کسی قانونی کارروائی کے ورثا کے حوالے کر دی گئی ہے۔

اپنا میٹر اپنی ریڈنگ

حیدرآباد: حیسکو کمیٹی روم میں واپڈا یونین صدر عبداللطیف نظامانی و دیگر سی ای او فیض ڈاہری سے میٹنگ کرتے ہوئے

گھوٹکی: محکمہ خوراک کے دفتر پر چھاپہ، 40 کروڑ روپے کی گندم میں مبینہ خرد برد کا انکشاف

گھوٹکی (فیصل اقبال پاکستان بلیٹن) گھوٹکی اینٹی کرپشن پولیس کی بڑی کارروائی، محکمہ خوراک کے دفتر پر چھاپہ، 40 کروڑ روپے کی گندم میں مبینہ خرد برد کا انکشاف، ریکارڈ تحویل میں لے لیا تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر اینٹی کرپشن سکھر ریجن محمد نعیم عباسی کی ہدایات پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ذیشان منگی اور انسپکٹر عبدالفتاح مہر نے اینٹی کرپشن ٹیم کے ہمراہ محکمہ خوراک کے دفتر گھوٹکی ایٹ میرپور ماتھیلو پر چھاپہ مارا، کارروائی کے دوران تقریباً 40 کروڑ روپے کی گندم میں مبینہ خرد برد کا ریکارڈ حاصل کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے ابتدائی تحقیقات کے دوران معلوم ہوا ہے کہ فوڈ ڈپارٹمنٹ کے ریکارڈ میں 40 کروڑ روپے سے زائد کی گندم اور سرکاری باردانے کے حوالے سے سنگین بے ضابطگیاں کی گئی ہیں۔ اینٹی کرپشن حکام کے مطابق گندم کی خرد برد کے اس فراڈ میں مبینہ طور پر فوڈ انسپکٹر محمد اکمل ڈشتی اور فوڈ سپروائزر اسد اللہ بلوچ ملوث ہیں جنہوں نے مبینہ طور پر اوباڑو فوڈ سینٹر سے گندم اٹھا کر فروخت کی ہے۔ اینٹی کرپشن پولیس نے گندم خرد برد کے اس معاملے کی باقاعدہ تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ اینٹی کرپشن حکام نے دفتر کا اہم ریکارڈ قبضے میں لے کر تفتیش شروع کر دی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ مذکورہ افسران اور عملے کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شہر بھر میں نالوں اور گٹروں کی صفائی کا بڑے پیمانے پر آپریشن جاری

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میئر عبدالرؤف غوری کی ہدایت پر نکاسی آب کے نظام کی بہتری کیلئے عملی اقدامات تیز کر دیے گئے میرپورخاص کے میئر عبدالرؤف غوری کی خصوصی ہدایات پر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے شہر بھر میں نالوں اور گٹروں کی صفائی ستھرائی کا کام تیزی سے جاری ہے جس کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں ایک منظم اور مربوط صفائی مہم چلائی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 01

اسکوٹر چلانے کی ٹریننگ دینے کا اعلان کیا۔ شرجیل میمن نے کہا کہ پورے پاکستان میں سندھ کے علاوہ کہیں بھی پنک ای وی اسکوٹی نہیں دی جارہی۔ ہم اب خواتین کو اسکوٹر چلانے کی ٹریننگ بھی دیں گے۔ سندھ کے سینئر وزیر نے کہا کہ ہماری حکومت گندم کی بوائی کے لیے کسانوں کو مفت ڈی اے پی اور کھاد کی بوریاں فراہم کرے گی، چھوٹے کسانوں کو1500 روپے فی ایکڑ فراہم کر رہے ہیں جب کہ 25 ایکڑ سے کم زمین والے کاشتکاروں کو بینظیر ہاری کارڈ دیے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت نے صوبے بھر میں ریکارڈ ترقیاتی کام کیے ہیں اور پیپلز پارٹی معاشرے کے ہر شخص کی فلاح کے لیے کام کررہی ہے۔ تاہم سوچی سمجھی سازش کے تحت پیپلز پارٹی کا میڈیا ٹرائل کیا جاتا ہے اور مخالفین عبرت ناک شکست کے بعد پی پی پر تنقید کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 02

ضلع چیئرمین عبدالحمید پنہور اور دیگر پارٹی رہنما بھی موجود تھے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی حسن زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور پالیسیوں کے تحت حلقے میں ترقیاتی منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبے عوام کی سہولت کے لیے ہیں اور انہیں کسی قسم کا احسان نہیں سمجھا جانا چاہیے، بلکہ وہ خود کو عوام کی محبت اور اعتماد کا مقروض سمجھتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترقیاتی کام کروانا ان کی ذاتی دلچسپی اور ذمہ داری ہے، اور ان کی خواہش ہے کہ علاقے کے لوگوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں تاکہ ان کی روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا ہو اور معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہو، صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ علاقے کی ترقی کے لیے مختلف صنعتی منصوبوں پر بھی کام جاری ہے، اور کوشش کی جارہی ہے کہ یہاں کے لوگوں کو روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 03

وکیل ملک الطاف جاوید کے مطابق محکمہ تعلیم میں ورکشاپ اٹینڈنٹ ملازم کا انتقال 2020 میں ہوا تھا جس پر متوفی کے بیٹے نے فوتی کوٹے پر گریڈ 11 کے جونیئر کلرک کی نوکری کی درخواست دی تھی۔ وکیل کے مطابق محکمہ جاتی کمیٹی نے 2024 میں درخواست گزار کی تقرری کی منظوری دی اور آفر لیٹر جاری کیا تاہم سپریم کورٹ کے کوٹے سے ملازمتوں سے متعلق فیصلے کی بنیاد پر تقرری منسوخ کردی گئی۔ سرکاری وکیل نے عدالت میں موقف اپنایا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد کوٹہ پر تقرری ممکن نہیں۔ عدالت نے کہا کہ والد کی وفات کے ساتھ ہی درخواست گزار کی ملازمت کا حق پیدا ہوگیا تھا، ایسے حق کو بعد میں ختم نہیں کیا جاسکتا، وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا اطلاق ماضی پر نہیں ہوگا۔ عدالت کے مطابق درخواست گزار کو متوفی والد کی بنیاد پر ملازمت کا حق حاصل ہوچکا تھا، شہریوں کے پہلے سے حاصل شدہ حقوق برقرار رہتے ہیں، متعلقہ حکام پندرہ روز میں تقرری کرکے عملدرآمد رپورٹ پیش کریں۔

بقیہ نمبر 04

دی جائے، جس میں بحری راستوں پر کسی قسم کے محصولات یا غیر ضروری پابندیاں عائد نہ ہوں، تاکہ جہاز رانی کا عمل بلا رکاوٹ جاری رہ سکے۔ آج ہم نے فرانس اور دیگر بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر آزادی جہاز رانی کے تحفظ کے لیے ایک مشترکہ لائحہ عمل کا اعلان کیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد سمندری راستوں کو محفوظ بنانا اور عالمی تجارتی سرگرمیوں کے تسلسل کو یقینی بنانا ہے۔ ہم اس امر پر زور دیتے ہیں کہ خطے میں امن اور استحکام کی بحالی ناگزیر ہے، اور اس کے لیے ایک مستقل جنگ بندی کا قیام انتہائی ضروری ہے۔ بین الاقوامی برادری کو مشترکہ کوششوں کے ذریعے ایسے اقدامات کرنا ہوں گے جو نہ صرف کشیدگی میں کمی لائیں بلکہ ایک پائیدار اور پرامن مستقبل کی بنیاد بھی رکھیں۔

بقیہ نمبر 05

گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا ہم اپنی تحریک حکمت اور دانائی کے ساتھ آگے بڑھائیں گے۔ ہمیں کسی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں۔ ہم نے جیلیں کاٹیں اور درجنوں مقدمات کا سامنا کیا۔ ہم عمران خان کے ساتھ تھے، ہیں اور رہیں گے۔ مردان جلسے کا پیغام سلمان صفدر کے ذریعے ملا۔ سلمان صفدر نے کہا کہ عمران خان کو وزیراعلی سہیل آفریدی پر مکمل اعتماد ہے۔ وزیر اعلی سہیل آفریدی کو محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس سے مشاورت کی ہدایت دی گئی۔ ہم عمران خان کے علاوہ کسی کی نہیں سنیں گے۔ پارٹی کے تمام فیصلے عمران خان کرتے ہیں۔ موجودہ حکومت کی کسان دشمن پالیسیوں سے ملک بھر کا کسان رل گیا ہے، گندم، چاول، گنا اور تمباکو کے کاشتکار شدید مشکلات کا شکار ہے۔ ہر فورم پر کسانوں کے حق میں آواز اٹھائیں گے، پارلیمنٹ میں بھی بھرپور آواز بلند کریں گے۔

بقیہ نمبر 06

روئٹرز کے مطابق پاکستان نے اس مشن کے لیے تقریبا دو درجن لڑاکا طیارے تعینات کیے، جبکہ فضائی نگرانی کے لیے ایئر بورن وارننگ اینڈ کنٹرول سسٹم (AWACS) بھی استعمال کیا گیا تاکہ ایرانی وفد کی محفوظ واپسی کو یقینی بنایا جاسکے۔ پاکستانی ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر مستقبل میں بھی ایرانی وفد درخواست کرے تو اسی نوعیت کی سکیورٹی فراہم کی جا سکتی ہے، بصورت دیگر پاکستانی طیارے صرف اپنی فضائی حدود تک ان کا استقبال کریں گے۔

بقیہ نمبر 07

فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر داخلہ محسن نقوی ایران میں موجود ہیں جبکہ وزیر اعظم شہباز شریف اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور دیگر وزرا سعودی عرب، قطر اور ترکیے کے دورے پر ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اس دوران آبنائے ہرمز کو محدود مدت کے لیے کمرشل آمد ورفت کے لیے کھولنے کا اعلان کیا ہے جبکہ لبنان میں بھی جنگ بندی ہوگئی ہے، جس پر عوام نے بھرپور جشن منایا۔

بقیہ نمبر 08

کر چکے ہوں تو پھر باقی کیا رہ جاتا ہے؟ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا عوام اب صرف نعرے نہیں، کارکردگی مانگتے ہیں۔ سہیل آفریدی کی کارکردگی فی الحال صرف بیانات، وعدے اور ہوا میں اڑتی پتنگ تک محدود ہے۔ کرپشن کے ایسے چرچے ہیں کہ لگتا ہے جلسے سے پہلے ہی احتساب کا میلہ لگ چکا ہے۔ اب افواہیں یہ بھی ہیں کہ جلسہ منسوخ ہوسکتا ہے۔ اگر نہ ہوا تو مردان کی عوام گرم جوشی سے استقبال کریں گے، ویسے ہی جیسے لوگ ناکام پتنگ باز کو دیکھ کر کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 09

کے لیے استعمال ہونا تھا، ملزمان کے خلاف مقدمات درج، مزید تحقیقات جاری ہے۔

بقیہ نمبر 10

کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث "بری گینگ "سے تعلق رکھنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے اسلحہ، موٹر سائیکل اور 2 موبائل فونز برآمد کرلیے۔ گرفتار ملزمان کراچی کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں۔ گرفتار ملزم اصغر علی نے انکشاف کیا کہ وہ گینگ کے دیگر ممبران کو ڈکیتیوں کے لئے اسلحہ بھی فراہم کرتا تھا اور چوری شدہ موٹر سائیکل سستے دام خریدتا تھا۔ رینجرز نے منگھوپیر میں کارروائی کرتے ہوئے "بلا گینگ "کے 2 ملزمان بلال عرف بلا (گینگ کا سرغنہ) ولد علی حیدر اور حمزہ ولد شاہ محمود کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک غیر قانونی پستول اور 200 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ گرفتار ملزمان کراچی کے مختلف علاقوں خصوصا صدر، ناظم آباد، منگھوپیر، اورنگی ٹاؤن اور بلدیہ ٹاؤن میں ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور موبائل چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہیں۔ گرفتار ملزمان کو بمع اسلحہ اور برآمد شدہ سامان مزید قانونی کارروائی کے لئے پولیس کے حوالے کردیا گیا جبکہ انکے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 11

کرنے نہیں دیں گے۔ وزیر داخلہ سندھ نے مزید کہا کہ اس قسم کے واقعات کسی طور پر بھی قابل قبول نہیں ہے، سہائی عزیز سینئر خاتون پولیس افسر ہیں، ان واقعات پر تحقیقات کریں گی۔

بقیہ نمبر 12

مطابق بشری بی بی کی فیملی بھی بشری بی بی سے متعلق سوشل میڈیا پیغامات جاری نہیں کرے گی۔ پارٹی بشری بی بی کے ایشو کو لیکر کوئی متنازع پریس کانفرنس نہیں کرے گی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگلے ہفتے بیرسٹر گوہر، محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کے ساتھ بانی کی فیملی سے ملاقات کریں گے، انہیں دوبارہ اعتماد میں لیں گے۔ ذرائع نے مزید کہا کہ بشری بی بی کی رہائی قانونی طریقے سے ہوگی، دعوی کیا کہ کوٹ لکھپت جیل میں اسیر رہنماؤں کی اپیلوں پر جلد سماعت متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 13

گے۔ جنید انوار چوہدری کے مطابق روسی مارکیٹ کے بعد یوریشین اکنامک یونین کے دیگر ممالک تک رسائی بھی متوقع ہے، جس سے پاکستان کے سی فوڈ سیکٹر کو مزید وسعت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ سی فوڈ برآمدات کے لیے بین الاقوامی معیار کو یقینی بناتا ہے، جو عالمی منڈی میں مسابقت کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی سالانہ سی فوڈ برآمدات 500 ملین ڈالر سے تجاوز کرنے کا امکان ہے، جبکہ روسی مارکیٹ میں داخلے کے بعد یہ برآمدات 800 ملین ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ وزیر بحری امور کے مطابق روس کو برآمدات سے ابتدائی طور پر 300 ملین ڈالر آمدن متوقع ہے، جو ملکی معیشت کے لیے مثبت پیش رفت ثابت ہوگی۔ جنید انوار چوہدری نے بتایا کہ سی فوڈ برآمدات کے لیے سمندری، فضائی اور زمینی راستے استعمال کیے جائیں گے، جبکہ وسطی ایشیائی ممالک تک زمینی راستہ ایک کم لاگت تجارتی راہداری قرار دیا گیا ہے۔ قازقستان، ازبکستان اور ترکمانستان میں پاکستانی مچھلی کی بڑی طلب موجود ہے، جو برآمدی مواقع کو مزید بڑھا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی بندرگاہیں علاقائی تجارت میں کلیدی کردار ادا کررہی ہیں جبکہ پاکستانی گرم پانی کی مچھلیاں عالمی مارکیٹ میں مسابقتی برتری حاصل کر سکتی ہیں۔ وزیر بحری امور نے اس امید کا اظہار کیا کہ بہتر انفرااسٹرکچر اور عالمی معیار پر عملدرآمد سے سی فوڈ برآمدات میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 14

مذکورہ تعیناتیاں پولیس، فارن سروس، آفس مینجمنٹ سمیت دیگر شعبوں میں ہوں گی۔ ایف پی ایس سی کی جانب سے جاری اشتہار میں بتایا گیا ہے کہ سی ایس ایس 2025 کے لیے اشتہار جاری کردیا ہے اور مجموعی طور پر 327 اسامیوں پر بھرتی کا عمل مکمل کیا جائے گا، ان میں 191 نئی اور 136 پچھلے برسوں کی منتقل شدہ اسامیاں بھی شامل ہیں۔ ایف پی ایس سی نے بتایا کہ اوپن میرٹ کے لیے 169 نشستیں، خواتین کے لیے 35، اقلیتوں کے لیے 123 اسامیاں مختص ہیں۔ صوبائی کوٹے سے متعلق بتایا گیا کہ پنجاب کے لیے سب سے زیادہ 157، خیبر پختونخوا کے لیے43، سندھ رورل کے لیے 30، سندھ اربن کے لیے 28، بلوچستان کے لیے 28، سابق فاٹا کے لیے16، آزاد کشمیر کے لیے 7 اور گلگت بلتستان کے لیے 3 اسامیوں کا کوٹہ مختص ہے۔ ایف پی ایس سی نے بتایا کہ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، پولیس سروس آف پاکستان، فارن سروس آف پاکستان، ان لینڈ ریونیو سروس، آفس مینجمنٹ گروپ سمیت دیگر سروسز اور گروپس کی اسامیاں بھی شامل ہیں۔ ایف پی ایس سی کے مطابق اسامیوں کی تقسیم میں صوبائی، علاقائی، خواتین اور اقلیتی تناسب کو مدنظر رکھا گیا، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی پالیسی کے مطابق کوٹہ سسٹم پر عمل درآمد ہو گا اور امیدواروں کی حتمی تعیناتی میرٹ پوزیشن کی بنیاد پر ہوگی۔ ایف پی ایس سی کے ذرائع نے بتایا کہ کل سی ایس ایس کے نتیجے کے اعلان کا قوی امکان ہے اور حتمی تعیناتی امیدوار کی ترجیحات، کمیشن کی جانب سے موزونیت اور ڈومیسائل کی بنیاد پر ہوگی۔

بقیہ نمبر 15

وزیر اطلاعات نے کہا ہے کہ یہ مکمل طور پر پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کا ضابطہ اخلاق ہے اور اس کے تحت ہونے والی کارروائی بھی انہی کے اختیار میں ہے۔ جب ان سے اس معاملے پر ذاتی رائے پوچھی گئی تو انہوں نے سخت مؤقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ اس پر زیادہ تبصرہ نہ ہی کیا جائے تو بہتر ہے کیونکہ میرے پاس ان کے لیے مثبت الفاظ نہیں ہیں۔ عظمی بخاری کا کہنا ہے کہ نسیم شاہ ایک پیشہ ور کرکٹر ہیں اور انہیں اسی طرح کا رویہ اختیار کرنا چاہیے نہ کہ کسی ٹرولر کی طرح کا۔ خیال رہے کہ حال ہی میں نسیم شاہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس اکاؤنٹ سے ایک پوسٹ شیئر کی تھی، جس میں انہوں نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔

بقیہ نمبر 16

جہاں نوجوانوں کو مفت کوچنگ اور تربیت فراہم کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے "سندھ پولیس باکسنگ اکیڈمی "کا افتتاح کردیا۔ پولیس ہیڈکوارٹرز گارڈن ساتھ میں قائم باکسنگ اکیڈمی سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ اور میڈیکیم گروپس آف پاکستان کے تعاون سے قائم کی گئی ہے۔ افتتاحی تقریب میں کے موقع پر ایڈیشنل آئی جی کراچی، چیئرمین میڈیکیم گروپس آف کمپنیز خلیل نینی تال والا، پاکستان پیپلز پارٹی کی رکن قومی اسمبلی شہلا رضا، چیئرمین سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ ڈی آئی جی ٹریفک کراچی پیر محمد شاہ، اے آئی جی ویلفیئر، میڈیا اینڈ پبلک ریلیشنز اور دیگر شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے کہا کہ سندھ پولیس نے اظہر محمود جیسے کرکٹرز سمیت دیگر کھیلوں میں نامور کھلاڑی پیدا کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ پیر محمد شاہ کی قیادت میں سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ اپنا کھویا ہوا مقام دوبارہ حاصل کرے گا۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ کھلاڑیوں کو سہولیات کی فراہمی سے متعلق مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، جبکہ سندھ پولیس اسپورٹس بورڈ کھلاڑیوں کو اسپانسرشپ، فنڈز اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 17

میں شامل ہورہے ہیں جس کی وجہ سے شہری ہر سال اوسطا 1.86 کلو زہریلے ذرات سانس کے ذریعے جذب کر رہے ہیں۔ شہر کی فضا میں 203 کلوٹن کاربن مونو آکسائیڈ، 100 کلوٹن سے زائد نائٹروجن آکسائیڈ اور 15.6 کلوٹن سلفر ڈائی آکسائیڈ کا اخراج ہورہا ہے جس کی وجہ سے فضا خطرناک حد تک مضرصحت ہوچکی ہے۔ یونیورسٹی روڈ سے روانہ گزرنے والے شہری سانس و دمہ کے امراض میں مبتلا ہونے لگے جبکہ نمونیہ، چیسٹ انفیکشن، نزلہ، زکام، جلدی امراض اور آنکھوں کا انفیکشن عام ہوگیا ہے۔ یہ زہریلی فضا بچوں کے لیے اور بھی زیادہ مہلک ثابت ہورہی ہے اور چھوٹے بچوں تیزی سے دمہ میں مبتلا ہورہے ہیں اسی طرح شہر میں گرین ہاؤس گیسز کا اخراج بھی فضا کو زہریلا بنارہا ہے۔ اس ساری صورتحال کے پیش نظر ماہر ماحولیات و اربن پلانر محمد توحید نے شہر میں ماحولیاتی ایمرجنسی کے نفاذ کا مطالبہ کردیا ہے۔ محمد توحید نے کہا کہ شہر میں ترقیاتی منصوبے فضائی آلودگی کی بڑی وجہ ہیں جس سے شہر میں آلودگی کے سبب فضا انتہائی زہریلی ہوچکی ہے اور ان سے اڑتا گرد وغبار انسانی صحت کو بری طرح متاثر کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مٹی میں پائے جانے والا آلودہ ذرہ پی ایم 2.5 انسانی صحت کے لیے مہلک ہے یہ ذرات انسانی جسم میں داخل ہوکر نظام تنفس کو شدید متاثر کرتا ہے اسی طرح گرین ہاس گیس کا اخراج بھی شدید مضرصحت ہے۔ محمد توحید نے کہا کہ صنعتی شعبہ 49 فیصد آلودگی کا ذمہ دار ہے ٹرانسپورٹ آلودگی کا دوسرا بڑا ذریعہ ہے جبکہ بندرگاہی علاقوں کے اطراف آلودگی کی شرح زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاور پلانٹس سے سلفر ڈائی آکسائیڈ کا اخراج تشویشناک ہے صنعتی کنٹرول اور گاڑیوں کی نگرانی سے صورتحال بہتر ہوسکتی ہے جبکہ موثر اقدامات سے آلودگی میں 50فیصد کمی ممکن ہے۔

بقیہ نمبر 18

کے خلاف شکست کے بعد کراچی کنگز کی نمائندگی کرنے والے سلمان علی آغا نے کہا کہ میچ میں ہماری ٹیم تینوں شعبوں میں ناکام رہی، پاور پلے میں بھی اچھا نہیں کھیل پائے، اگلے میچز جیت کر فائنل فور میں جگہ بنانے کی کوشش کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قومی ون ڈے کپتان سلمان علی آغا نے کہا کہ پی ایس ایل کی بنیاد پر قومی ٹیم میں آنے والے کھلاڑیوں کو بیرون ملک جا کر دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لیگ سے کھلاڑیوں کی شناخت ضرور ہوتی ہے لیکن پی ایس ایل میں بہتر کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کو قومی سطح پر کرکٹ کھیل کر پاکستان ٹیم میں آنا چاہیے۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ عالمی کپ اور پی ایس ایل میں اپنی کارکردگی سے مطمئن نہیں، پرفارمنس کو بہتر بنانے کی کوشش کر رہا ہوں، اگلا عالمی کپ اہم ہوگا، اگر میں نے محسوس کیا تو وقفہ لینے کی کوشش کروں گا یا میگا ایونٹ کے حوالے سے کوئی فیصلہ کروں گا۔

بقیہ نمبر 19

گیا کہ ہم اس نئے سفر کا آغاز ایک ساتھ کرنے پر بے حد شکرگزار ہیں، جن سب لوگوں نے اس راستے میں ہمارا ساتھ دیا، ہمیں محبت اور دعاں سے نوازا، ان سب کا دل سے شکریہ، آپ کی محبت ہمارے لیے الفاظ سے کہیں بڑھ کر ہے۔ رمشا اور خوشحال کی جانب سے کہا گیا کہ اس خوشی کے موقع پر ہم آپ سب سے مدبانہ درخواست کرتے ہیں کہ ہماری ذاتی زندگی کی پرائیویسی کا احترام کریں، ہمارے اس سفر کا حصہ بننے اور ہمیشہ ہمیں اپنی محبت اور دعاں میں یاد رکھنے کا شکریہ۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئیں شادی کی تصاویر میں رمشا کو لال رنگ کے عروسی لباس میں دیکھا جاسکتا ہے جبکہ خوشحال نے کالے رنگ کی شلوار قمیض زیب تن کی۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں شادی کی افواہوں کے بعد رمشا اور خوشحال کے نکاح کی تصویر سوشل میڈیا پر سامنے آئی تھیں۔

بقیہ نمبر 20

کی۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے پاکستان کے ساتھ اوپیک فنڈ کے بڑھتے ہوئے تعاون کو سراہا اور حالیہ منظور شدہ اور جاری منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان کے ایک ذمہ دار قرض لینے والے ملک کے طور پر مضبوط ریکارڈ اور دوطرفہ تعاون کے معیار کو بھی سراہا۔ سینیٹر اورنگزیب نے اوپیک فنڈ کی تینوں مالی سہولتوں، سرکاری شعبے کے لیے قرضہ، نجی شعبے کی مالی معاونت اور اسلامی فنانس سے بھرپور فائدہ اٹھانے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ انہوں نے اوپیک فنڈ کو پاکستان میں نجی شعبے میں مزید سرمایہ کاری بڑھانے کی ترغیب دی اور پالیسی سے منسلک بجٹ سپورٹ پروگرامز کے امکانات پر بھی زور دیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کے پیش نظر پانی کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبے پاکستان کے لیے قومی سلامتی کی اہمیت اختیار کر چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوپیک فنڈ کی ترجیحات، ماحولیاتی تبدیلی، غذائی تحفظ اور ڈیجیٹل تبدیلی پاکستان کی ترقیاتی ضروریات سے مکمل ہم آہنگ ہیں۔ وزیر خزانہ نے اوپیک فنڈ کے سربراہ کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی تاکہ باہمی تعاون کو مزید فروغ دیا جا سکے۔ ملاقات کے اختتام پر سینیٹر محمد اورنگزیب نے ویانا میں اوپیک فنڈ کے آئندہ پروگرام میں شرکت کی دعوت پر ڈاکٹر عبد الحمید الخلیفہ کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 21

والا شخص شاہین فورس کا باوردی اہلکار تھا جس نے حادثے کے بعد رکشہ ڈرائیور کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔ متاثرہ رکشہ ڈرائیور نے بتایا کہ وہ سروس روڈ پر اپنی لائن میں سیدھا جارہا تھا کہ شاہین فورس کا اہلکار رانگ سائیڈ سے تیز رفتاری میں آیا اور رکشے کو ٹکر مار دی۔ ڈرائیور نے الزام عائد کیا کہ پولیس اہلکار مبینہ طور پر نشے میں دھت تھا، جس نے حادثے کے بعد رکشے کے شیشے توڑ دیے اور ڈرائیور کو زبردستی گاڑی میں بٹھالیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ حادثے کے نتیجے میں گاڑی کا بمپر ٹوٹ گیا ہے جو کار کی چھت پر رکھا ہوا ہے۔ واقعے کے بعد پولیس اہلکار کے رویے اور قانون کی خلاف ورزی پر شہریوں نے شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے کارروائی کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 22

پاکستان کا 7.2ارب ڈالر کا پروگرام معاشی استحکام اور اصلاحات پر مرکوز ہے، تیل کی قیمتوں میں اضافے سے معیشت اور مہنگائی پر مزید دباؤ پڑنے کا امکان ہے۔ تیل کی قیمتوں میں 10فیصد اضافہ معیشت کو نقصان اور مہنگائی میں اضافہ کرسکتا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق خلیجی ممالک سے تیل اور ترسیلات زر پر زیادہ انحصار پاکستان کیلئے خطرات ہیں، جنگ طویل ہونے کی صورت میں تجارت اور ترسیلات زر متاثر ہوسکتی ہیں۔ پاکستان کیلئے قرض لینا مزید مہنگا ہوگیا ہے، عالمی مالی حالات مزید خراب ہونے کی صورت میں پاکستان پر دباؤ بڑھنے کا خدشہ ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ زیادہ قرض اور بینکوں کی حکومتی سکیورٹیز میں سرمایہ کاری سیمالی خطرات بڑھ سکتے ہیں، آبنائے ہرمز کی بندش اور جنگ کے باعث تیل کی قیمت 100ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی۔ خطے میں جنگ بندی مثبت پیش رفت ہے تاہم غیر یقینی صورتحال بدستور برقرار ہے۔

بقیہ نمبر 23

سرحدی صوبوں کنڑ اور ننگرہار میں موجود ہیں، افغانستان میں فتنہ الخوارج اور القاعدہ جیسی 20سے زائد بین الاقوامی اور علاقائی دہشت گرد تنظیمیں سرگرم ہیں۔ ماہرین کے مطابق فتنہ الخوارج سمیت علاقائی اور بین الاقوامی دہشتگرد تنظیمیں افغانستان کو کارروائیوں کیلئے محفوظ بیس کیمپ کے طور پر استعمال کررہی ہیں۔ دہشتگردوں کی پشت پناہی، انسانی حقوق کی سنگین پامالی اور ہٹ دھرمی پر مبنی پالیسیوں کیباعث افغان طالبان رجیم عالمی تنہائی کا شکار ہے۔

بقیہ نمبر 24

وارداتوں میں ملوث ہیں۔ ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی ہے، جس میں ایک 12بور رائفل، 30بور پستول اور ایمونیشن شامل ہے۔ ترجمان رینجرز نے بتایا کہ ملزمان کے زیر استعمال ہونڈا 125 موٹر سائیکل بھی بغیر کاغذات کے نکلی ہے۔ دوران تفتیش گرفتار ملزم اصغر نے گینگ کو اسلحہ فراہم کرنے کا اعتراف کرلیا ہے جبکہ ملزمان نے چوری شدہ موٹر سائیکلیں سستے داموں خریدنے کا انکشاف بھی کیا ہے۔ رینجرز حکام نے کہا کہ گینگ کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں، جبکہ گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 25

ہوگیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی والے بجلی کی بدترین غیر اعلانیہ بندش کے شکنجے میں ہیں، جہاں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 10 گھنٹے سے بھی اوپر جا چکا ہے۔ شہر کے گنجان آباد علاقوں بالخصوص لیاری، گارڈن، نارتھ کراچی، نیو کراچی، ملیر، کورنگی، لانڈھی، منگھوپیر، سرجانی اور اورنگی ٹاؤن میں بجلی کی طویل بندش نے شہریوں کا دن کا سکون اور رات کی نیند چھین لی ہے۔ سب سے زیادہ افسوسناک صورتحال امتحانی مراکز کی ہے، جہاں میٹرک کے امتحانات کے دوران بجلی کی بندش سے طلبہ شدید حبس اور گرمی میں پرچے دینے پر مجبور ہیں، جس سے ان کی صحت اور کارکردگی متاثر ہورہی ہے۔ ایک طرف کراچی کے عوام لوڈشیڈنگ کے ہاتھوں نڈھال ہیں، تو دوسری طرف وفاقی وزیر توانائی اویس خان لغاری کا دعوی ہے کہ کراچی اور حیدرآباد میں بجلی بند نہیں کی جا رہی۔ وزیر توانائی کے مطابق مشرق وسطی میں جنگی صورتحال کے باعث گیس کی سپلائی متاثر ہوئی ہے، جس کی وجہ سے حکومت لوڈشیڈنگ کرنے پر مجبور ہے۔: انہوں نے پیک آور میں بجلی کی بندش پر معذرت کرتے ہوئے کہا کہ فی الحال اس کے سوا کوئی چارہ نہیں، ایندھن کی کمی کو پورا کرنے کے لیے فرنس آئل سے 1440 میگا واٹ بجلی پیدا کی جا رہی ہے تاکہ بحران کی شدت کو کم کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر 26

کیا جارہا ہے، آج ہمارے ساتھ جو ہورہا ہے کل کسی اور کے ساتھ بھی ہوسکتا ہے، 22 اپریل کو بانی پی ٹی آئی کے کیسز لگے ہیں، وکلا ساتھ دیں تو دیکھتے ہیں انصاف کیسے نہیں ملتا، 5 مئی تک سابق وزیر اعظم کے کیسز نہ لگے تو 6 مئی کو ملک گیر قلم چھوڑ ہڑتال کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے آئین وقانون کے مطابق اپنی جدوجہد جاری رکھنی ہے، پوری قوم وکلا کی طرف دیکھ رہی ہے۔ عمران خان کی اہلیہ کے بارے میں سہیل آفریدی نے مزید کہا کہ بشری بی بی غیر سیاسی خاتون ہیں، ان کی طبیعت ناساز ہونے کے باوجود رعایت نہیں دی جارہی۔

بقیہ نمبر 27

پاکستان اور بوسنیا کے درمیان مضبوط تاریخی تعلقات پر بات چیت کی گئی، دونوں رہنماں نے حالیہ علاقائی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ نمبر 28

تارڑ اور دیگر اعلی حکام شریک تھے جبکہ ترک وزیر خارجہ سمیت سینئر ترک حکام بھی موجود تھے۔ صدر اردوان نے وزیراعظم کی ترکیہ آمد اور فورم میں شرکت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ترکیہ خطے میں امن کے قیام کے لیے پاکستان کی سفارتی کاوشوں کی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پرتپاک استقبال اور روایتی ترک مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا اور انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے کامیاب انعقاد پر ترک صدر کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر صدر اردوان نے کہا کہ یہ فورم ایک اہم عالمی پلیٹ فارم کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ دونوں رہنماں نے حالیہ علاقائی پیش رفت، خصوصا مشرق وسطی کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور خطے میں دیرپا و مستحکم امن کے فروغ پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کی مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے رواں سال انقرہ میں آٹھویں ہائی لیول اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل کا اجلاس بلانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ دونوں رہنماں نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان سٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 29

تعلقات کا عکاس ہے، معاہدے سے پاکستان کے بیرونی مالی استحکام کو مزید تقویت ملے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پاکستان کو سعودی عرب سے دو ارب ڈالر ڈیپازٹ موصول ہوگئے، سٹیٹ بینک آف پاکستان نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ سعودی عرب سے دو ارب ڈالر پاکستان کو موصول ہوگئے ہیں، ڈالر موصول ہونے سے ملکی زرمبادلہ ذخائر میں یکدم بڑی کمی کا خطرہ ٹل گیا۔ خیال رہے کہ پاکستان کو رواں ماہ ہی یواے ای کو ساڑھے 3ارب ڈالر ادائیگی کرنی ہے، یواے ای نے اپنے ڈالر ڈیپازٹس رول اوور کرنے سے انکار کردیا تھا، پاکستان نے رواں ماہ ہی یورو بانڈ میچورٹی کی مد میں بھی ایک ارب بیس کروڑ ڈالر ادا کئے تھے۔

بقیہ نمبر 30

سے کہا کہ اب دور رہیں، جب ضرورت تھی تو وہ صرف کاغذی شیر اور بے کار ثابت ہوئے۔ اس سے قبل ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر اپنے ایک بیان میں کہا تھا کہ ایران نے آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھولنے کا اعلان کردیا ہے، جس پر ان کا شکرگزار ہوں۔ انہوں نے کہا تھا کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلا ہوا ہے اور کاروبار کیلئے مکمل تیار ہے، معاہدے تک ایران کی بحری ناکہ بندی جاری رہے گی، معاہدہ جلد ہونا چاہیے، بیشتر نکات پہلے ہی طے ہوچکے۔

بقیہ نمبر 31

مسلسل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے صدر مملکت نے کہا کہ مغربی ایشیا میں دیرپا امن کا انحصار تنازعات کی بنیادی وجوہات کے حل پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے علاقائی اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ فعال طور پر رابطے میں ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان خطے میں کشیدگی میں کمی اور منصفانہ، دیرپا اور جامع امن کے فروغ کے لیے ہر مخلصانہ اقدام کی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جاری دو ہفتے کی جنگ بندی کے وسیع تر مفاد میں لبنان میں بھی تحمل شامل تھا جس کی اسرائیل کی جانب سے خلاف ورزی کی گئی۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس اقدام کی کسی بھی انحراف سے کشیدگی میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ اس اہم مرحلے پر ضروری ہے کہ تمام فریقین تحمل اور ذمہ دارانہ طرز عمل اختیار کریں۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے بھی لبنان میں جنگ بندی کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایکس پر اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت میں دانشمندانہ سفارتی کوششوں کے ذریعے لبنان میں جنگ بندی ممکن ہوئی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے امید ظاہر کی کہ لبنان میں ہونے والی جنگ بندی پائیدار امن کی راہ ہموار کرے گی۔ شہباز شریف کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان لبنان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے لیے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہے اور خطے میں دیرپا امن کے لیے کی جانے والی تمام کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 32

گئی۔ دوسری جانب شہباز شریف کا کہنا تھا کہ تیل کی قیمتوں میں کمی کے اثرات کو جس قدر جلدی ممکن ہوا عوام تک پہنچائیں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے قوم کو ریلیف کی فراہمی کا فیصلہ کرتے ہوئے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے 12 پیسے کی کمی کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعظم کی منظوری کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت فی لیٹر 385.54 روپے سے کم ہوکر 353.43 روپے ہوگئی ہے۔

بقیہ نمبر 33

متوقع ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر جے پی مورگن کے زیر اہتمام "پاکستان: معاشی و مالیاتی پالیسی کا جائزہ" کے عنوان سے منعقدہ سرمایہ کاری سیمینار میں شرکت کی جہاں انہوں نے عالمی سرمایہ کاروں سے گفتگو کی۔ اس موقع پر سٹیٹ بینک کے گورنر بھی شریک تھے۔ ابتدائی کلمات میں وزیر خزانہ نے بتایا کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی (ای ایف ایف) کے تیسرے جائزے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (آر ایس ایف) کے دوسرے جائزے کیلئے سٹاف لیول معاہدہ مکمل کرلیا ہے، جس کی منظوری جلد متوقع ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اپنی تمام بیرونی مالی ذمہ داریاں بروقت پوری کرے گا، اس حوالے سے سعودی عرب کی جانب سے فراہم کردہ مالی معاونت کو اہم قرار دیا۔ وزیر خزانہ نے سرمایہ کاروں کو پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ کے اجرا سے متعلق پیش رفت سے بھی آگاہ کیا جو مالی وسائل کو متنوع بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ انہوں نے خطے میں جاری صورتحال کے تناظر میں توانائی کی فراہمی کے انتظام سے متعلق حکمت عملی پر تفصیلی روشنی ڈالی جس میں طلب کے انتظام، مارکیٹ کے مطابق فیصلے اور مکمل قیمتوں کی منتقلی شامل ہے جبکہ کمزور طبقات کیلئے ہدفی ڈیجیٹل سبسڈیز فراہم کی جا رہی ہیں۔ نشست کے اختتام پر سوال وجواب کا سیشن منعقد ہوا جس میں سرمایہ کاروں نے آئی ایم ایف کی ممکنہ اضافی معاونت، نجکاری پروگرام اور موجودہ صورتحال میں پاکستان کے کردار سے متعلق سوالات کیے۔

بقیہ نمبر 34

اسلامیہ کا اتحاد صیہونی حکومت کے اہداف کے حصول کو روک دے گا۔ ایرانی صدر کا مزید کہنا تھا کہ خطے کے ممالک کو علاقائی سلامتی کو یقینی بنانا ہوگا، ہم عالمی قانون کے دائرے میں ایرانی عوام کے حقوق کے حصول پر زور دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 35

میں پہلی بار وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاور سیکٹر کے اہلکاروں کے فری یونٹس ختم کیے گئے ہیں۔ اویس لغاری نے کہا کہ معزز عدالت نے پاور ڈویژن کی عرضی کو قبول فرمایا۔ فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ اللہ تعالی نے اس مطالبے کو پورا کرنے کا اعزاز انہیں عطا فرمایا ہے۔ وفاقی وزیر توانائی کا کہنا تھا کہ ان شااللہ ہر وہ اقدام ضرور کیا جائے گا جو ملک اور قوم کی اجتماعی بہتری کے لیے ہو۔ حکومت عوامی مفاد میں اصلاحات کے عمل کو جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 36

گا۔ سی پی پی اے کے مطابق مارچ کے دوران 8 ارب 93 کروڑ 90لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی۔ ڈسکوز کو 8ارب 64 کروڑ 40لاکھ یونٹس بجلی فراہم کی گئی جب کہ مارچ کے لیے ریفرنس لاگت 7.99 روپے فی یونٹ مقرر تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق بجلی کی پیداوار میں مختلف ذرائع کا حصہ شامل رہا، جن میں پانی سے 23.55 فیصد، مقامی کوئلے سے 16.76 فیصد بجلی پیدا کی گئی۔ اسی طرح درآمدی کوئلے سے 13.80 فیصد اور درآمدی ایل این جی سے 5.64 فیصد بجلی پیدا ہوئی۔

بقیہ نمبر 37

ہوگئی۔ واضح رہے کہ ایران نے لبنان میں جنگ بندی کے تناظر میں آبنائے ہرمز کو تجارتی جہازوں کے لیے کھولنے کا اعلان کر دیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر جاری بیان میں کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کو تمام کمرشل جہازوں کے لیے کھول دیا گیا ہے اور جنگ بندی کی باقی مدت کے دوران یہ راستہ مکمل طور پر فعال رہے گا۔

بقیہ نمبر 38

استحکام چاہتا ہے، مشرق وسطی تنازعہ کے دیرپا حل کیلئے مخلصانہ کاوشیں کی جارہی ہیں، جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں، ڈائیلاگ ہی میں تنازعات کا حل ہے۔

بقیہ نمبر 39

ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔ شہباز شریف نے امریکی صدر ٹرمپ کی جرات مندانہ اور فیصلہ کن قیادت کو سراہا اور کہا کہ ٹرمپ کے کردار کے باعث گزشتہ سال پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی ممکن ہوئی۔ وزیراعظم نے لبنان میں جنگ بندی پر بھی صدر ٹرمپ کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا، دونوں رہنماں کے درمیان خطے کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان کی امن کوششوں، جنگ بندی اور تاریخی اسلام آباد مذاکرات پر گفتگو کی گئی، وزیراعظم نے پاکستان اور امریکہ کے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ امریکی مشیر نے صدر ٹرمپ کی جانب سے وزیراعظم کے لیے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا، امریکی مشیر نے خطے میں استحکام کے لیے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ ملاقات کے دوران پاکستان کے ساتھ تعاون بڑھانے میں امریکہ کی دلچسپی کا بھی اعادہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 40

پر زور دیا گیا۔ گورنر سندھ نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی مستقل پالیسی مذاکرات، سفارتکاری اور تنازعات کے پرامن حل پر مبنی ہے، جبکہ دوطرفہ تعلقات کو باہمی احترام، برابری اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر مزید فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے۔ گورنر سندھ نے کراچی کو ملک کا معاشی حب قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہاں امریکی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، خصوصا آئی ٹی، توانائی، انفراسٹرکچر اور لاجسٹکس کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دیا جا سکتا ہے۔ ملاقات میں ماحولیاتی چیلنجز، تعلیمی روابط، اسکالرشپس اور عوامی سطح کے تعلقات کے فروغ پر بھی اتفاق کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ متوازن اور تعمیری شراکت داری کا خواہاں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو200 سے زائد شعبوں میں جدید تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ انہیں بااختیار بنا کر قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جا سکے۔ اس موقع پر امریکی قونصل جنرل چارلس گڈ مین نے وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے عالمی امن کے فروغ کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ امریکہ ان اقدامات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی اور امریکی عوام امن پسند ہیں اور دونوں ممالک عالمی وعلاقائی استحکام کے لیے پرعزم ہیں۔ قونصل جنرل نے مزید کہا کہ کراچی اور ہیوسٹن سسٹر سٹیز ہیں، جس کے تحت دونوں شہروں کے درمیان کاروبار، تجارت اور ایکسچینج پروگرامز میں تعاون کو فروغ دیا جارہا ہے۔ ملاقات میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی، اقتصادی اور عوامی سطح کے روابط کو مزید وسعت دی جائے۔ آخر میں دونوں جانب سے اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ باہمی تعاون کو مزید مستحکم کرتے ہوئے تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 41

عالمی قیمت 4ہزار 792ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی آج 24قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 3300روپے کی کمی آئی، جس کے بعد نئی قیمت 5لاکھ ایک ہزار 562 روپے کی سطح پر آ گئی۔ اسی طرح ملک میں فی 10 گرام سونے کی قیمت 2829روپے کی کمی کے ساتھ 4لاکھ 30ہزار 8روپے ہوگئی۔ علاوہ ازیں مقامی سطح پر فی تولہ چاندی کی قیمت 70 روپے کی کمی سے 8ہزار 444روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 60روپے کی کمی سے 7ہزار239روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 42

تصدیق کی ہے۔ ڈائریکٹر ایجوکیشن کی رپورٹ کے مطابق دونوں وکلا پرائمری ٹیچرز ہیں۔ سندھ بار کونسل نے دونوں وکلا کو شوکاز نوٹس جاری کرتے ہوئے وضاحت طلب کرلی ہے۔

بقیہ نمبر 43

سیکرٹری جنرل سلمان علیم سینئر وائس چیئرمین مسرور باجوہ، وقار عظیم اور انس سلیجہ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران شہر کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال اور ریسٹورنٹ انڈسٹری کو درپیش مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی نے کاروباری برادری کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اختتام پر وفد نے پولیس چیف کو شیلڈ اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔

بقیہ نمبر 44

امتحانات میں نقل پر زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ کردی گئی ہے۔ نئے ضوابط کے تحت امتحانی عمل کے دوران موبائل فون یا نقل کا مواد رکھنے والے طالب علم کو فوری طور پر امتحانی عمل سے خارج کردیا جائے گا اور اس کے تمام پرچے منسوخ کر دیے جائیں گے۔ مزید برآں ایسے طلبہ کو جاری امتحانات اور مستقبل میں بورڈ کے کسی بھی امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، جس کا مطلب ہے کہ نقل کرنے والا طالب علم ہمیشہ کے لیے نااہل قرار دیا جا سکتا ہے۔ انتظامیہ کے حوالے سے وزرا نے خبردار کیا ہے کہ اگر کوئی انوجیلیٹر، انٹرنل، ایکسٹرنل یا کوئی بھی انتظامی افسر نقل میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف فوری محکمہ جاتی کارروائی ہوگی اور جرم ثابت ہونے پر اسے نوکری سے فارغ کردیا جائے گا۔ سردار شاہ اور اسماعیل راہو نے کہا کہ امتحانی مراکز پر نگرانی کا نظام مزید سخت کیا جا رہا ہے اور کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کی صورت میں موقع پر سخت ایکشن لیا جائے گا تاکہ امتحانات کی شفافیت کو برقرار رکھا جاسکے۔

بقیہ نمبر 45

کیا افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے طیب اردوان کا کہنا تھا کہ تنظیمیں امن کیلیے کوششیں جاری رکھیں گے، جنگ بندی کے باوجود اسرائیل غزہ پر حملے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انطالیہ ڈپلومیسی فورم پر انسانیت کے مستقبل پر بات ہوتی ہے، انٹرنیشنل جسٹس سسٹم ناکام ہو چکا ہے، غزہ میں جنگ بندی کے باوجود فلسطینیوں کو شہید کیا گیا۔ ترک صدر کا شہباز شریف کی تعریف کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ان کی کوششوں سے خطے میں جنگ رک گئی، اس جنگ بندی کو امن کیا یک موقع کیطور پر دیکھنا چاہیے، ترکیہ تنظیمیں امن کے لیے کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ طیب اردوان نے کہا کہ کسی بھی مسئلے کا حل بندوق نہیں سفارت کاری ہے، کچھ بھی ہوجائے ہتھیاروں کیاستعمال کی اجازت نہیں دے سکتے، موجودہ عالمی بحران حل کرنے کے لیے سفارت کاری ہی واحد راستہ ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ دنیا میں طاقت کا توازن بدل رہا ہے، خلیجی ممالک کی کھلے سمندروں تک رسائی محدود نہیں ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 46

ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا پیٹرول و ڈیزل کی قیمت فوری بڑھانے والی حکومت پیٹرولیم لیوی کا مکمل خاتمہ کرے، آج ہی پیٹرول کی قیمت 250روپے فی لیٹر مقرر کی جائے، بجلی کی قیمتوں میں کمی اور لوڈشیڈنگ کا خاتمہ بھی کیا جائے۔

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں جلد کمی آئیگی

وزیر توانائی

لبنان میں بھی جنگ بندی ہوگئی ہے اور آبنائے ہرمز کمرشل آمدورفت کے لیے آج کھول دی گئی ہے، ایل این جی کی دستیابی سے بجلی کی فراوانی بہتر ہوگی

اللہ تعالی کا شکر ہے کہ پاکستان کو ایک بڑا موقع ملا، وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی بھرپور کوششوں سے پاکستان عالمی امن کا علم بردار بنا ہے، وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیرتوانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان کی کوششوں سے لبنان میں جنگ بندی ہوئی اور آبنائے ہرمز بھی کھول دی گئی ہے، جس کے بعد پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں جلد کمی آئے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں وزیرتوانائی اویس لغاری نے کہا کہ اللہ تعالی کا شکر ہے کہ پاکستان کو ایک بڑا موقع ملا، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی بھرپور کوششوں سے پاکستان عالمی امن کا علم بردار بنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لبنان میں بھی جنگ بندی ہوگئی ہے اور آبنائے ہرمز کمرشل آمدورفت کے لیے آج کھول دی گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے مزید بتایا کہ ان شاءاللہ ان کوششوں کی وجہ سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں جلد کمی آئے گی، ایل این جی کی دستیابی سے بجلی کی فراوانی بہتر ہوگی۔ خیال رہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی کے بعد معاہدے کے لیے گزشتہ ہفتے منعقدہ اسلام آباد مذاکرات کےبعد پاکستان کی سفارتی کوششیں جاری ہیں، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

سہیل آفریدی کی کارکردگی فی الحال صرف بیانات، وعدے اور ہوا میں اڑتی پتنگ تک محدود ہے، شیر افضل مروت

اسلام آباد(ویب ڈیسک)رکن پارلیمنٹ تاریخی مردان جلسے کے بائیکاٹ کا اعلان کیا، ویسے

شیر افضل مروت کا کہنا ہے ہزاروں پی ٹی آئی خیبرپختونخوا کے کارکنان نے سہیل آفریدی کے بھی جب علیمہ خان، محمود خان اچکزئی اور دیگر خود ہی اس جلسے سے لاتعلقی اختیار .....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

ایڈیشنل آئی جی سے ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک)ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے آل پاکستان ریسٹورنٹ ایسوسی ایشن کے 05رکنی وفد نے کراچی پولیس آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں ایسوسی ایشن کے پیٹرن ان چیف شوکت علی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

سندھ بار کونسل کا سرکاری ملازمت کرنے والے وکلا کیخلاف ایکشن

کراچی(ویب ڈیسک) سندھ بار کونسل نے سرکاری ملازمت کرنے والے وکلا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملیر بار ایسوسی ایشن کے 2 وکلا کے لائسنس معطل کر دیے۔ سندھ بار کونسل کے مطابق بابر حسین ایڈووکیٹ اور اشتیاق احمد شر کے لائسنس معطل کیے گئے ہیں۔ انکوائری کے دوران اسکول اینڈ ایجوکیشن سکھر کے ڈائریکٹر نے تینوں وکلا کی سرکاری ملازمتوں کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

اگر کوئی افسر نقل میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف فوری محکمہ جاتی کارروائی ہوگی، صوبائی وزراء

کراچی(ویب ڈیسک)سندھ حکومت نے امتحانی مراکز میں نقل کی روک تھام کے لیے بڑے فیصلوں کا اعلان کردیا ہے۔ وزیرتعلیم سندھ سردار شاہ اور وزیر بورڈز و جامعات محمد اسماعیل راہو نے ایک مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اب نقل کرنے والے طلبہ اور اس میں ملوث عملے کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے گی۔ صوبائی وزرا کے مطابق میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

قربانی کے جانور کراچی کی عارضی منڈی میں خریداروں کے منتظر ہیں

سونا 3 دن وقفے کے بعد سستا ہوگیا، عالمی ومقامی مارکیٹوں میں قیمت کم

کراچی (ویب ڈیسک)سونا تین دن کے وقفے کے بعد عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سستا ہوگیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں جمعہ کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 33 ڈالر کی کمی ریکارڈ ہوئی، جس کے بعد نئی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے امریکی قونصل جنرل کی ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے امریکی قونصل جنرل چارلس گڈمین نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی، جس میں پاک امریکہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور خطے کی موجودہ جیو پولیٹکل صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں علاقائی امن واستحکام کے فروغ، سفارتی تعاون اور عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

کوئٹہ کا آسمان دلکش کلاؤڈ سکیپ سے چمک رہا ہے

پاک فضائیہ کے 2 درجن طیاروں نے ایرانی وفد کو واپس پہنچایا، روئٹرز

فضائی آپریشن اس وقت شروع کیا گیا جب ایرانی حکام نے خدشہ ظاہر کیا کہ اسرائیل حملہ کرسکتا ہے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)ایک غیر معمولی پیشرفت میں پاکستان کی فضائیہ نے گزشتہ ہفتے ایران کے مذاکراتی وفد کو اسلام آباد میں ہونے والے امریکہ کے ساتھ غیر نتیجہ خیز امن مذاکرات کے بعد سخت سکیورٹی حصار میں واپس روانہ کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ بڑا فضائی آپریشن اس وقت شروع کیا گیا جب ایرانی حکام نے خدشہ ظاہر کیا کہ اسرائیل ان پر حملہ کرسکتا ہے۔ خبر ایجنسی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

ہر فورم پر کسانوں کے حق میں آواز اٹھائیں گے، پارلیمنٹ میں بھی بھرپور آواز بلند کریں گے، اسد قیصر

اسلام آباد(ویب ڈیسک)پی ٹی آئی رہنما نہیں، بھائیوں کا ہے، ہم عمران خان کے نظریے



اسد قیصر کا کہنا ہے عمران خان کے ساتھ ہمارا تعلق 32 سال پر محیط ہے۔ ہمارا رشتہ لیڈر اور کارکن کا کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہم اپنے مقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

آبنائے ہرمز کا دوبارہ کھلنا خوش آئند پیش رفت ہے، برطانوی وزیراعظم

خطے میں امن اور استحکام کی بحالی ناگزیر ہے، اور ایک مستقل جنگ بندی کا قیام انتہائی ضروری ہے

لندن(ویب ڈیسک)برطانوی وزیراعظم کا کہنا ہے آبنائے ہرمز کا دوبارہ کھلنا ایک خوش آئند پیش رفت ہے جو عالمی تجارت اور علاقائی استحکام کے لیے نہایت اہمیت کی حامل ہے۔ اپنے بیان میں کیئر اسٹارمر نے کہا یہ ضروری ہے کہ اس اقدام کو ایک دیرپا اور قابل عمل حل کی صورت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

مقامی حکومت کا محکمہ لاہور میں ریلوے اسٹیشن کے قریب تیزی سے تعمیراتی کام کی نگرانی کررہا

اب خواتین کو اسکوٹر چلانے کی ٹریننگ دیں گے

شرجیل میمن

چھوٹے کسانوں کو 1500 روپے فی ایکڑ فراہم کررہے ہیں، 25 ایکڑ سے کم زمین والے کاشتکاروں کو بینظیر ہاری کارڈ دیے ہیں

سندھ حکومت نے صوبے بھر میں ریکارڈ ترقیاتی کام کیے ہیں اور پیپلز پارٹی معاشرے کے ہر شخص کی فلاح کے لیے کام کررہی ہے

کراچی (ویب ڈیسک)سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن نے عوام کے لیے اپنی حکومت کے اقدامات بتاتے ہوئے خواتین کے لیے ایک اور بڑا اعلان کردیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے ایک تقریب سے خطاب میں جہاں صوبائی حکومت کے کئی عوامی فلاح کے اقدامات بتائے وہیں خواتین کے لیے ایک اور بڑا اعلان کرتے ہوئے انہیں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

شہر قائد سے کالعدم تنظیم کے 3 دہشت گرد گرفتار

گرفتار ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیم فتنہ الہندوستان سے ہے، سی ٹی ڈی

کراچی(ویب ڈیسک)شہر قائد سے کالعدم تنظیم کے 3 دہشتگرد گرفتار کرلیے گئے۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی کے مطابق گرفتار ملزمان کا تعلق کالعدم تنظیم فتنہ الہندوستان سے ہے، دہشت گردوں نے دوران تفتیش اہم انکشافات کیے ہیں۔ حکام کا کہنا تھا کہ ملزمان کراچی میں بڑی کارروائی کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، گرفتار ملزمان میں عمران ولد علی محمد اور دیگر شامل ہیں، دہشتگردوں سے 30 بور پستول اور 18 گولیاں برآمد ہوئیں۔ سی ٹی ڈی حکام کا مزید کہنا تھا کہ اسلحہ شہر میں تخریب کاری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

پشاور کی رنگ روڈ پر ایک محنت کش خاندان کی کفالت کے لیے چشمے فروخت کررہا ہے

رینجرز نے اسٹریٹ کرائم میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا

کراچی (ویب ڈیسک)رینجرز نے ریڑھی گوٹھ اور منگھوپیر میں کارروائیاں کرتے ہوئے اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق سندھ رینجرز نے ریڑھی گوٹھ میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

صوبائی وزیر علی حسن زرداری کا مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح

یہ منصوبے عوام کی سہولت کے لیے ہیں اور انہیں کسی قسم کا احسان نہیں سمجھا جانا چاہیے، علی حسن زرداری

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن)صوبائی وزیر برائے ورکس سروسز وجنگل علی حسن زرداری نے حلقہ پی ایس 76 میرپور ساکرو کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کا باقاعدہ افتتاح کیا، اپنے دورے کے دوران انہوں نے گاؤں حبیب خاصخیلی، گاں صالح کوڈن، عبداللہ کوڈن، گاں محمد علی کوڈن، گاؤں عزیز کلمتی سمیت دیگر بستیوں کا دورہ کیا، جہاں مقامی افراد نے ان کا پرتپاک استقبال کیا، اس موقع پر صوبائی وزیر کے ہمراہ پاکستان پیپلز پارٹی کے نوجوان رہنما عاشق حسین زرداری، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

شہری کو متوفی کوٹہ پر 15 روز میں ملازمت دینے کا حکم

کراچی (ویب ڈیسک)سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے محکمہ تعلیم میں متوفی کوٹہ پر ملازمت نہ دینے کے خلاف درخواست پر محکمہ تعلیم کو درخواست گزار عمیر کو 15 روز میں ملازمت دینے کا حکم دے دیا۔ درخواست گزار کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

بیرسٹر گوہر نے بانی کی فیملی کو مذاکرات اور لچک کا مظاہرہ کرنے پر قائل کرلیا

بانی پی ٹی آئی عمران خان کی فیملی جیل کے باہر متنازع گفتگو نہ کرنے پر راضی ہے

راولپنڈی(ویب ڈیسک)چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے کوششیں شروع کردیں اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کی فیملی کو مذاکرات اور لچک کا مظاہرہ کرنے پر قائل کرلیا۔ ذرائع کے مطابق بیرسٹر گوہر نے گزشتہ روز کوٹ لکھپت جیل میں پہلے پی ٹی آئی کے اسیر رہنماں اور بعد میں بانی کی بہن نورین نیازی سےملاقات کی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی فیملی جیل کے باہر متنازع گفتگو نہ کرنے پر راضی ہے۔ ذرائع کے مطابق .....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

لاڑکانہ میں مزدور اپنے خاندانوں کی کفالت کے لیے گندم کی فصل کاٹتے ہیں

سندھ میں کاروکاری واقعات قابل قبول نہیں

ضیاء لنجار

ملوث تمام افراد کو سزائیں دی جائیں گی، کسی کو بھی انسانی حقوق کے خلاف ورزی پر جرگے کرنے نہیں دیں گے

سندھ امن وسلامتی کی دھرتی ہے، کسی بھی بیٹی کو کاروکاری میں مارنا ناقابل قبول ہے، سندھ اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو

کراچی (ویب ڈیسک)وزیرداخلہ سندھ ضیا الحسن لنجار نے کہا ہے کہ صوبے میں کاروکاری کے واقعات قابل قبول نہیں۔ سندھ اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو میں ضیا لنجار نے کہا کہ سندھ امن وسلامتی کی دھرتی ہے، کسی بھی بیٹی کو کاروکاری میں مارنا ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث تمام افراد کو سزائیں دی جائیں گی، کسی کو بھی انسانی حقوق کے خلاف ورزی پر جرگے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

وفاقی وزیر برائے ریلوے حنیف عباسی نے، وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کے بعد دعا کی

افغانستان میں دہشتگرد تنظیمیں پناہ حاصل کی ہوئی ہیں، عالمی جریدہ

افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی پڑوسی ممالک بالخصوص پاکستان کی سلامتی کیلئے واضح خطرہ ہے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)افغانستان میں دہشتگرد تنظیمیں پناہ حاصل کی ہوئی ہیں اور وسائل حاصل کررہی ہیں۔ معروف عالمی جریدہ نے افغانستان میں فتنہ الخوارج سمیت دیگر دہشتگرد گروہوں کی موجودگی سے متعلق پاکستانی موقف کی تائید کردی۔ یورپی جریدہ ماڈرن ڈپلومیسی کے مطابق افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی پڑوسی ممالک بالخصوص پاکستان کی سلامتی کیلئے واضح خطرہ ہے۔ فتنہ الخوارج کے دہشتگرد مشرقی افغانستان بالخصوص پاک افغان .....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

حیدرآباد میں خواتین کسان ہٹری بائی پاس کے کھیتوں میں محنت کررہی ہیں

جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ

جنگ طویل ہونے کی صورت میں ترسیلات زر بھی متاثر ہوسکتی ہیں، آئی ایم ایف

کراچی(ویب ڈیسک)عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف)نے مشرق وسطی جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ ظاہر کردیا۔ آئی ایم ایف کی ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق مشرق وسطی جنگ کے باعث پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ میں تقریبا 0.6 فیصد تک کمی ہوسکتی ہے۔ پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ اور مالی خسارے پر منفی اثرات پڑنے کا خدشہ ہے، کرنٹ اکاؤنٹ تقریبا 0.3 فیصد تک متاثر ہوسکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق .....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

کراچی سے بری گینگ کے 2 ملزمان گرفتار

کراچی(ویب ڈیسک)سندھ رینجرز نے ریڑھی گوٹھ کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے بری گینگ سے تعلق رکھنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ رینجرز ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان ڈکیتی اور اسٹریٹ کرائم کی متعدد .....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

وزیر خزانہ کی پاکستان معاشی ومالیاتی پالیسی کا جائزہ سیمینار میں شرکت

واشنگٹن (ویب ڈیسک)وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسیلٹی کے تیسرے جائزے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسیلٹی کے دوسرے جائزے کیلئے سٹاف لیول معاہدہ مکمل کرلیا ہے جس کی منظوری جلد .....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

پاکستان کی 16 کمپنیوں کو روس کو مچھلی برآمد کرنیکی اجازت مل گئی

پاکستانی گرم پانی کی مچھلیاں عالمی مارکیٹ میں مسابقتی برتری حاصل کرسکتی ہیں، وزیر بحری امور

کراچی (ویب ڈیسک)پاکستانی سی فوڈ کی روس کو برآمدات کی اجازت مل گئی، جس کے بعد ایکسپورٹ کا حجم 800 ملین ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے ماہی گیری کے شعبے میں تاریخی کامیابی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی بار پاکستانی مچھلی اور سی فوڈ کی روس کو برآمدات کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی 16 کمپنیوں کو روس کو مچھلی برآمد کرنے کی اجازت مل گئی ہے، جس سے ملکی برآمدات کے نئے دروازے کھلیں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

پی ایس ایل میں کارکردگی سے مطمئن نہیں، عالمی کپ کے حوالے سے ضرور سوچوں گا، سلمان علی آغا

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستان کی ٹی 20 کرکٹ ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ میری کارکردگی توقعات کے مطابق نہیں، اگر محسوس کیا تو عالمی کپ 2027 کے حوالے سے ضرور سوچوں گا، پی ایس ایل سے کھلاڑی کی شناخت ہوتی ہے لیکن پاکستان کی نمائندگی کرنے کے لیے ڈومیسٹک سطح پر کھیلنا ضروری ہے۔ پی ایس ایل 11 میں اسلام آباد یونائیٹڈ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر18

فیڈرل پبلک سروس کمیشن کا سیکڑوں اسامیوں پر نئی بھرتیوں کا اعلان

اسلام آباد(ویب ڈیسک)فیڈرل پبلک کمیشن (ایف پی ایس سی) نے سینٹرل سپیریئر سروسز (سی ایس ایس) 2025 کے لیے نئی اسامیوں کا اعلان کردیا ہے، جس میں اوپن میرٹ، صوبائی، خواتین اور اقلیتی کوٹہ شامل ہے اور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

سندھ پولیس میں کھیلوں کے فروغ کیلئے باکسنگ اکیڈمی قائم

کراچی(ویب ڈیسک)سندھ پولیس میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے باکسنگ اکیڈمی قائم کردی گئی، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے امید ظاہر کی ہے کہ یہ اکیڈمی کراچی کی نمایاں باکسنگ اکیڈمی ثابت ہوگی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر16

نسیم شاہ پر جرمانے سے پنجاب حکومت کا کوئی تعلق نہیں، عظمی بخاری

یہ معاملہ مکمل طور پر پی سی بی کے دائرہ اختیار میں آتا ہے، میڈیا سے گفتگو

لاہور(ویب ڈیسک)پنجاب کی وزیر اطلاعات وثقافت عظمی بخاری کا کہنا ہے کہ فاسٹ بولر نسیم شاہ پر عائد جرمانے سے صوبائی حکومت کا کوئی تعلق نہیں ہے یہ معاملہ مکمل طور پر پی سی بی کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

کراچی: نشے میں دھت شاہین فورس کے اہلکار کی رکشے کو ٹکر

کراچی (ویب ڈیسک)کراچی کے علاقے ناظم آباد میں نشے میں دھت کار سوار پولیس اہلکار نے رکشے کو ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں رکشے میں سوار خاتون اور ڈرائیور زخمی ہوگئے۔ عینی شاہدین اور ویڈیو شواہد کے مطابق کار چلانے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

وفاقی وزیر خزانہ کی اوپیک فنڈ کے سربراہ سے ملاقات

واشنگٹن (ویب ڈیسک)وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر اوپیک فنڈ برائے بین الاقوامی ترقی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عبد الحمید الخلیفہ سے ملاقات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

پاکستانی اداکارہ رمشا خان اور خوشحال خان نے شادی کا باضابطہ اعلان کردیا

لاہور(ویب ڈیسک) پاکستانی اداکارہ رمشا خان اور ساتھی اداکار خوشحال خان نے شادی کا باضابطہ اعلان کردیا اور شادی کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر پوسٹ کردیں۔ رمشا اور خوشحال نے انسٹاگرام پر ایک مشترکہ پوسٹ کرتے ہوئے لکھا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ہم خوشی سے یہ خبر شیئر کر رہے ہیں کہ الحمدللہ ہم شادی کے بندھن میں بندھ گئے ہیں۔ پوسٹ میں کہا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

کراچی میں زیرالتوا ترقیاتی منصوبے شہریوں کی صحت کیلئے خطرہ بن گئے

فضا میں مضرصحت ذرات پی ایم 2.5 میں ریکارڈ اضافہ، یونیورسٹی روڈ سے روزانہ گزرنے والے شہری سانس ودمہ کے امراض میں مبتلا ہونے لگے

زہریلی فضا بچوں کے لیے اور بھی زیادہ مہلک ثابت ہورہی ہے، شہری ہر سال اوسطاً 1.86 کلو زہریلے ذرات سانس کے ذریعے جذب کر رہے ہیں

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کی سڑکوں پر اڑتا زہریلا گرد وغبار اور شہر میں زیرالتوا ترقیاتی منصوبے شہریوں کی صحت کے لیے خطرہ بن گئے۔ تحقیق کے مطابق شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی وجہ سے کراچی کی فضا میں مضرصحت ذرات پی ایم 2.5 میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے۔ تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سالانہ 39 کلوٹن آلودہ ذرات پی ایم 2.5 فضا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر17